Aawami News
Urdu Daily Ranchi-Kolkata-Patna
Website : www.live7tv.com
Group Editor : Aziz Burney
अवामी न्यूज़
روزنامہ
# عوامی نیوز
کوئی بھی مشورہ یا شکایت کیلئے رابطہ کریں
directoraawaminews@gmail.com
بے باک صحافت کا علمبردار
₹5/- only
کوئی بھی خبر، تصویر، اطلاع، اعلان ہمیں اس واٹس ایپ نمبر پر ارسال کریں
9102122786
شادی، سالگرہ اور بچوں کی سالگرہ کی تصویر ہمیں Email کریں

Pages-12 ● 150 :شمارہ ● 13 :جلد ● KOLKATA ● Saturday, 6th June 2026 ● RNI No. WBURD/2014/56804 ● E-mail- News: aawaminewskolkata@gmail.com, Advt : kolkataadvt@gmail.com, Ph. 033-46034477 / 40651166, Fax : 033-4062-8332 ● ۱۴۴۷ھ ● بمطابق ۱۹ ذی الحجہ ● سنیچر، ۶ رجون ۲۰۲۶ء ● کلکتہ


حدیث نبوی ﷺ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

جس بندے نے لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ صرف اللہ تعالیٰ کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے کہا، قیامت کے دن اس پر جہنم کی آگ حرام ہوگی۔


WE HAVE NO BRANCH
خالص سونے کے زیورات کیلئے ایک قابل اعتماد نام
زیور محل جیویلرس
ZEVAR MAHAL™
Jewellers
Unit of Zar Zevar Mahal (P) Ltd
53, Muzaffar Ahmed St. (Ripon St.), Kol-700016
Mobile : 9831111037 / 9831577940, Ph. No.: 2229-0104


# کولکاتا میونسپل کارپوریشن کے میئر فرہاد حکیم مستعفی




کولکاتا، 5رجون: سنیئر ترنمول کانگریس لیڈر فرہاد حکیم نے آج میئر کلکتہ میونسپل کارپوریشن (کے ایم سی) کے عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ انہوں نے کہا کہ کام کرنے میں بہت ساری دشواریاں پیش آرہی تھیں لہٰذا میں نے یہی مناسب سمجھا کہ اپنے سر کو اونچا رکھتے ہوئے اپنے عہدے سے استعفیٰ دے دوں۔ میں نے اس سلسلے میں پارٹی سپریمو سے مشورہ کیا اور انہوں نے مجھے اجازت دے دی کہ وہ میئر کا عہدہ چھوڑ سکتے ہیں۔ فرہاد حکیم ترنمول کانگریس میں اہم ترین لیڈر ہونے کے ساتھ ساتھ اقلیتی چہرہ رہے اور شہری ترقیات کے کاموں میں انہوں نے ہمیشہ بڑھ چڑھ کر کام کیا۔ ترنمول کانگریس کو چونکہ اسمبلی الیکشن میں زبردست شکست ہوچکی ہے جس کے بعد ترنمول میونسپل بورڈ کو کارپوریشن میں کام کاج کو نپٹانے میں بہت ساری پریشانیاں لاحق ہو رہی تھیں۔ میئر کے عہدے سے استعفیٰ دینے سے پہلے پریس کانفرنس میں فرہاد حکیم جو تقریباً ساڑھے سات برسوں تک میئر کے عہدے پر فائز رہے، انہوں نے کے ایم سی افسران کا شکریہ ادا کیا اور ساتھ ہی کولکاتا کے لوگوں کو بھی شکریہ ادا کیا کیونکہ ان لوگوں نے بہت سارے بحرانی دور میں ان کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا تھا۔ فرہاد حکیم نے بطور میئر کے ایم سی استعفیٰ دینے کی اجازت پارٹی سپریمو ممتا بنرجی سے حاصل کی اور انہیں بتایا کہ کام کاج کرنے کے سلسلے میں انہیں کس قدر پریشانیاں لاحق ہو رہی تھیں چونکہ میں اپنی عزت بحال رکھتے ہوئے اپنے عہدے کو چھوڑ دینا چاہتا تھا لہٰذا ممتا بنرجی نے اس کی اجازت دے دی کہ وہ میئر کے عہدے سے استعفیٰ دے سکتے ہیں۔ فرہاد حکیم نومبر 2018 میں میئر کلکتہ کارپوریشن بنائے گئے تھے۔ حکیم نے کہا کہ جب میں نے میئر کا عہدہ سنبھالا تو مجھے یقین نہیں تھا کہ میں سابق میئر نیتاجی سبھاش اور دیش بندھو چترنجن داس کی طرح سے اپنا کام سنبھال سکوں گا لیکن مجھے خوشی اس بات کی ہے کہ میں نے ایک کامیاب میئر کی حیثیت سے کام کرتے ہوئے لوگوں کے دلوں میں اپنے لئے جگہ بنائی۔ واضح رہے کہ گزشتہ 2010 سے کے ایم سی ترنمول کانگریس بورڈ کے تحت کام کر رہا تھا۔

# چندر ناتھ قتل میں نیا موڑ، اتر پردیش کے 'گینگسٹر' مانو نے ہتھیار ڈال دیے



کولکاتا، 5جون: چیف منسٹر شوبھیندو ادھیکاری کے سابق قریبی ساتھی چندر ناتھ قتل کے ملزم نے خودسپردگی کی۔ اس نے اتر پردیش کے بلیا کی ایک عدالت میں خودسپردگی کی۔ عدالت نے ملزم گیانیندر پرتاپ سنگھ عرف منو کو 14 دن کی سی بی آئی تحویل کا حکم دیا ہے۔

تفتیش کاروں نے بتایا کہ ملزم گیانیندر پرتاپ سنگھ عرف مانو طویل عرصے سے مختلف سماج دشمن سرگرمیوں میں ملوث ہے۔ چندر ناتھ قتل کے علاوہ ان کے خلاف کم از کم 12 مقدمات درج ہیں۔ ملزم کے خلاف 25 مئی سے غیر ضمانتی دفعات کے تحت گرفتاری کا وارنٹ جاری کیا گیا تھا۔ اسی دوران چندر ناتھ رتھ قتل میں سی سی ٹی وی فوٹیج ضبط کرلی گئی (باقی صفحہ 4 پر)

# سوریہ قتل معاملہ: غازی آباد کے کھوڑا میں نمازِ جمعہ کے پیش نظر الرٹ، 1000 جوانوں کی تعیناتی

5رجون: سوریہ قتل واقعہ کے بعد فرقہ وارانہ کشیدگی کے خدشات کو پیش نظر رکھتے ہوئے غازی آباد واقع کھوڑا کالونی کو پولیس چھاؤنی میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ جمعہ کو 19 مساجد پر نماز خیر و عافیت سے پڑھی جائے، اس کے لیے پولیس، پی اے سی، آر اے ایف، آر آر ایف کی بٹالین سمیت تقریباً 1000 پولیس اہلکار علاقے میں تعینات رہیں گے۔ ساتھ ہی پورے علاقے کی ڈرون اور کیمروں سے نگرانی کرائی جائے گی۔ قابل ذکر ہے کہ کھوڑا علاقہ میں 19 مساجد اور 4 مدارس ہیں۔ ان میں سے 2 مدارس کو سیل کیا جا چکا ہے اور ایک پر نوٹس چسپاں کیا گیا ہے۔ علاقہ میں کشیدگی والے حالات ہیں، حالانکہ مقامی لوگوں نے سیکورٹی فورسز کا تعاون کر نماز جمعہ امن و امان کے ساتھ کرانے کی بات کہی ہے۔ دراصل سوریہ قتل واقعہ کے بعد کچھ ہندو تنظیموں کی طرف سے جمعہ کی نماز نہ ہونے دینے کی تنبیہ دی گئی ہے، جس سے فرقہ وارانہ کشیدگی پیدا ہونے کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ نمازِ جمعہ سے قبل کھوڑا میں کثیر (باقی صفحہ 4 پر)

# نوئیڈا واقع 'آئیوی کاؤنٹی سوسائٹی' میں خوفناک آتشزدگی، بارہویں منزل پر لگی آگ بجھانے کی کوششیں جاری





5رجون: نوئیڈا کے سیکٹر 75 واقع آئیوی کاؤنٹی سوسائٹی میں جمعہ کی صبح تقریباً آٹھ بجے شارٹ سرکٹ کے باعث خوفناک آگ لگ گئی۔ آگ 28 منزلہ عمارت کی 12ویں منزل پر واقع ایک فلیٹ میں لگی، جس نے دیکھتے ہی دیکھتے خطرناک شکل اختیار کر لی اور فلیٹ کی کھڑکیوں سے بلند شعلے نکلنے لگے۔ تیزی کے ساتھ آسمان میں سیاہ دھوئیں کے بادل پھیل گئے، جس سے پوری سوسائٹی میں خوف و ہراس کا ماحول پیدا ہوگیا۔ اتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے بھی اس معاملے پر فوری نوٹس لیا اور انتظامیہ کو ضروری اقدامات اٹھانے کی تلقین کی۔

میڈیا رپورٹس کے مطابق آتشزدگی واقعہ کے بعد سوسائٹی میں افراتفری مچ گئی۔ لوگ سیڑھیوں کے ذریعہ عمارت سے باہر نکلنے لگے۔ اطلاع ملتے ہی فائر بریگیڈ کی کئی گاڑیاں اور پولیس موقع پر پہنچ گئی۔ راحت اور بچاؤ کا کام شروع کرتے ہوئے عمارت کو پوری طرح سے خالی کرالیا گیا۔ احتیاطی طور پر آس پاس کے فلیٹس میں رہنے والے افراد کو بھی محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق کسی جانی نقصان کی خبر نہیں ہے۔ فائر محکمہ آگ پر قابو پانے اور اسباب کی جانچ میں مصروف ہے۔

آئیوی سوسائٹی میں آگ لگنے کی خبر ملنے کے بعد وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے حکام کو فوراً موقع پر پہنچ کر راحت اور بچاؤ کے کاموں کی نگرانی کرنے کی ہدایت دی ہے۔ اس کے ساتھ ہی آگ میں زخمی ہونے (باقی صفحہ 4 پر)

# ایرانی حملہ جنگ دوبارہ شروع ہونے کا جواز بن سکتا ہے، ٹرمپ

واشنگٹن، 5 جون، (یو این آئی) امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کی جانب سے امریکی افواج پر کسی بھی حملے کو جنگ کے دوبارہ آغاز کا جواز سمجھا جا سکتا ہے۔ وائٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ امریکہ نے ایرانی قیادت، بحریہ اور فضائیہ کو شدید نقصان پہنچایا ہے۔



انہوں نے کہا کہ ایران کے ساتھ کسی معاہدے کے بغیر بھی افزودہ یورینیم حاصل کیا جا سکتا ہے، تاہم امریکہ ایران کو ایٹمی ہتھیار حاصل کرنے کی اجازت نہیں دے گا۔


امریکی صدر نے کہا کہ وہ اس وقت ایرانی سپریم لیڈر علی خامنہ ای سے ملاقات نہیں کرنا چاہتے، تاہم اگر ایران کے ساتھ کوئی معاہدہ طے پا جاتا ہے تو ایسی ملاقات ممکن ہو سکتی ہے۔ ٹرمپ کے مطابق ایران کے ساتھ معاہدے کی صورت میں (باقی صفحہ 4 پر)

# ترکیہ میں ایک نوجوان کے اکاؤنٹ میں اچانک 21 ارب ڈالر آ گئے!

انقرہ، 5 جون (یو این آئی) کسی کے اکاؤنٹ میں اچانک چند ہزار یا لاکھ آجائیں تو وہ حیران ہو جائے گا ایک نوجوان کے اکاؤنٹ میں اچانک 21 ارب ڈالر آ گئے جس نے ہلچل مچا دی۔

یہ حیران کن واقعہ ترکیہ کے مشرقی صوبے وان میں پیش آیا، جہاں احمد جہانگیر نامی ایک نوجوان کے اکاؤنٹ میں اچانک 21 ارب ڈالر آ گئے، جس نے ہلچل مچا دی اور متعلقہ اداروں نے اس کی تحقیقات شروع کر دی۔

ترک میڈیا کی رپورٹس کے مطابق 32 سالہ احمد جہانگیر دتا کالو، جو آذربائیجان کا شہری ہے، اس کے اکاؤنٹ میں اچانک 21 ارب ڈالر آ گئے۔ یہ اس وقت پتہ چلا جب وہ اپنے بینک کارڈ کے ذریعہ خریداری کرنے میں مصروف تھا کہ اچانک اس کے بینک کارڈ نے کام بند کر دیا۔ نوجوان جب اس کی وجہ معلوم کرنے متعلقہ بینک کی برانچ پہنچا تو یہ انکشاف سن کر وہ ہکا بکا رہ گیا کہ اس کے اکاؤنٹ میں 21 ارب ڈالر کا غیر معمولی بیلنس موجود تھا۔ اکاؤنٹ کے ڈیٹا سے معلوم ہوا کہ وہاں 999 ارب، 999 ملین، 999 ہزار، 999 ترک لیرے اور 99 قروش کی رقم موجود تھی جو اربوں امریکی ڈالر کے برابر ایک بہت بڑی رقم ہے۔ احمد جہانگیر تا کالو نے بتایا کہ وہ اپنے اکاؤنٹ میں اتنی بڑی رقم کی منتقلی سے متعلق کچھ نہیں جانتا۔ بینک نے احتیاطی (باقی صفحہ 4 پر)

ISLAMIA HOSPITAL

اسلامیہ اسپتال

ISLAMIA HOSPITAL


سُپر اسپیشلیٹی اسپتال

73۔ چترنجن ایونیو، کولکاتا۔ 700012

A 200 Beded Hospital Refurbished and Modernized to Cater to The Medical Needs Our Main Aim is to Provide Affordable Medical Treatment to All (Especially The Economically Weak Patients)

DEPARTMENT AVAILABE

- GENERAL MEDICINE
- CHEST MEDICINE
- DIABETIC
- DIABETIC FOOT CARE
- CARDIOLOGY
- SURGERY (GENERAL & LAP)
- GASTROENTEROLOGY
- NURSERY
- ORTHOPAEDIC
- UROLOGY
- GYNAECOLOGY & OBSTETRICS
- NEUROLOGY & NEUROSURGERY
- NEPHROLOGY
- CANCER SURGERY
- CANCER MEDICINE
- PAEDIATRICS
- DENTISTRY
- OPHTHALMOLOGY
- ENT
- DERMATOLOGY
- PLASTIC SURGERY



کینسر سمیت دیگر بیماریوں کے علاج کیلئے
سواستھ ساتھی کارڈ
قبول کیا جاتا ہے



PHARMACY : 24 x 7
Discounted medicines available
(FOR IPD, OPD PATIENTS AND WALK-IN CUSTOMERS)
ULTRAMODERN ICU OPERATION THEATRE
8 STARE OF THE ART OPERATION THEATRE
(SPECIAL LABOUR ROOM)



- PATHOLOGY
- DIALYSIS
- CT SCAN
- X-RAY
- ECG
- ECHOCARDIOGRAPHY
- ENDOSCOPY
- PHYSIOTHERAPY
- ULTRASONOGRAPHY WITH
- COLOUR DOPPLER

24x7 EMERGENCY SERVICE

FIRHAD HAKIM
President

AMIRUDDIN (Bobby)
Hony. General Secretary

Ph.: 033-2237-8737 I 4602-3709 E-mail: islamiahospital.011@gmail.com

# کولکاتا کے بازاروں میں تین ماہ میں کپڑے کے تھیلے کی وینڈنگ مشین، پلاسٹک کے استعمال پر جرمانہ: حکومتی اعلان



کولکاتا ، 5رجون: (عوامی نیوز سروس)شہری ترقیات کے وزیر اگنی مترا پال نے کولکاتا میں کئی کچی بستیوں کا معائنہ کیا تاکہ مانسون سے پہلے نکاسی آب کے نظام کی تیاری کی جانچ کی جا سکے۔ ریاستی حکومت نے شہر میں پلاسٹک کی آلودگی کو روکنے اور شہر کے باشندوں کو مانسون کے موسم میں پانی جمع ہونے سے بچانے کے لیے بڑے قدم اٹھائے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر بائیوڈیگریڈیبل اور نان بائیوڈیگریڈیبل کچرے کو اگلے سات دنوں کے اندر گھر سے الگ نہیں کیا گیا تو میونسپل ورکرز ہر صبح اس گھر سے کچرا نہیں اٹھائیں گے۔کولکاتا میونسپل کارپوریشن کے انجینئر ایک عرصے سے شکایت کررہے ہیں کہ جگہ جگہ پھینکے جانے والے پلاسٹک کے تھیلے نالوں اور مین ہولوں کے منہ کو جام کر دیتے ہیں۔ جس کی وجہ سے بارش کا پانی تاخیر کا شکار ہے۔ یہاں تک کہ ڈرینج پمپنگ اسٹیشن کی موٹر میں پلاسٹک کے الجھنے کے واقعات بھی سامنے آئے ہیں جس کی وجہ سے پمپ بند ہو گیا ہے۔غور طلب ہے کہ جولائی 2022 میں کولکاتا سمیت پوری ریاست میں سنگل یوز پلاسٹک پر باضابطہ طور پر پابندی لگادی گئی تھی۔لیکن اصل تصویر کچھ اور ہے۔ کرانہ کی دکانوں اور دودھ کے بوتھوں سے لے کر مچھلی، گوشت، پھل اور سبزی منڈیوں تک، یہ ممنوعہ پلاسٹک، جس کی موٹائی 120 مائیکرون سے کم ہے، ہر جگہ فروخت ہورہی ہے۔اس سلسلے میں شہری ترقیات کے وزیر اگنی مترا پال نے کہا کہ ہم اگلے تین ماہ کے اندر بازاروں میں کپڑے کے تھیلوں کی فروخت کے لیے وینڈنگ مشینیں لگائیں گے۔ یہ مشینیں کام کرنے کے بعد پلاسٹک کے تھیلوں کا استعال کرنے والے پر سخت جرمانہ عائد کیا جائے گا۔اس کے علاوہ انہوں نے شہری لوگوں سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ کوئی بھی پلاسٹک کو کہیں بھی نہ پھینکے کیونکہ یہ نالیوں کو بند کر دیتا ہے اور پانی جمع ہونے کی صورتحال کو مزید پیچیدہ بنا دیتا ہے۔تجربہ کار ماہرین ماحولیات کے مطابق 120 مائیکرون سے کم کے پلاسٹک کو ری سائیکل نہیں کیا جا سکتا جس کے نتیجے میں وہ مٹی اور پانی میں گھل مل کر خطرناک مائیکرو پلاسٹک پیدا کرتے ہیں جو کہ انسانی جسم میں داخل ہونے کے علاوہ انسانی صحت کے لیے بھی خطرناک ہیں۔ تنظیم (ڈبلیو ایچ او) نے اس لیے شہر کے کچرے کو ٹھکانے لگانے کے نظام کو بہتر بنانے کا ایک مضبوط پیغام دیا ہے، انہوں نے کہا کہ بہت سے شہر ایسے ہیں جہاں کوڑا کرکٹ کو چھ زمروں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ ہم کولکاتا کے لوگوں سے کچرے کو صرف دو زمروں میں الگ کرنے کے لیے کہہ رہے ہیں ۔ گیلے (بائیوڈیگریڈیبل) اور خشک (نان بائیوڈیگریڈیبل)۔ انہوں نے یہ بھی انتباہ دیا کہ اگر اگلے سات دنوں کے اندر اس اصول پر عمل نہ کیا گیا تو گھروں سے کچرا اٹھانا بند کر دیا جائے گا۔ اگرچہ اس وقت کے ترنمول کے زیر انتظام پور بورڈ نے دسمبر 2022 میں کولکاتا کے تمام 144 وارڈوں میں یہ قاعدہ متعارف کرایا تھا، لیکن پچھلے کچھ مہینوں میں یہ عملی طور پر کانوں پر پڑ گیا ہے۔ کمپیکٹر اسٹیشنوں سے لے کر صبح کو کچرا اٹھانے والی گاڑیوں تک ہر جگہ خشک اور گیلا کچرا آپس میں ملایا جا رہا تھا۔ اب نئی حکومت اس سستی کو روکنے کے لیے سخت نگرانی کے راستے پر چل رہی ہے۔

# کولکاتا میں ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کے 125 فٹ مجسمہ کی تعمیر کا فیصلہ

کولکاتا ،5رجون: (عوامی نیوز سروس) کولکاتا میں ڈاکٹر شیاما پرساد مکھرجی کا 125 فٹ کا مجسمے کی تعمیر کرنے کا فیصلہ لیا گیا ہے۔ یہ اعلان ریاستی وزیر اگنی مترا پال نے کیا، جنہوں نے کہا کہ اس اقدام کا مقصد ممتاز بنگالی رہنما کی برسی کے سال کو یادگار بنانا ہے۔ انہوں نے اس بات کی بھی تصدیق کی کہ اس منصوبے کا سنگ بنیاد 5 جولائی کو ایک شاندار تقریب کے دوران رکھا جائے گا۔ جب کہ مجسمے کی اونچائی اور پیمانے کو حتمی شکل دے دی گئی ہے، کولکاتا کے اندر صحیح مقام کا تعین ہونا باقی ہے۔ انتظامی ذرائع بتاتے ہیں کہ اس جگہ کا انتخاب کئی دور کی بات چیت اور سروے کے بعد کیا جائے گا جس میں محکمہ تعمیرات عامہ اور محکمہ اطلاعات و ثقافتی امور کے افسران شامل ہوں گے۔ کولکاتا کی اسکائی لائن کو نئی شکل دینے کے لیے ایک نیا سنگ میل طے کیا گیا ہے، کیونکہ ڈاکٹر شیاما پرشاد مکھرجی کے 125 ویں یوم پیدائش کی یاد میں ان کا 125 فٹ اونچا مجسمہ تعمیر کرنے کے منصوبے جاری ہیں۔ ایک بار مکمل ہونے کے بعد، یہ ملک میں بھارتیہ جن سنگھ کے بانی اور سابق مرکزی وزیر کا سب سے اونچا مجسمہ ہوگا۔ تاہم، جنوبی کولکتہ کا بھبانی پور مضبوط دعویدار کے طور پر ابھرا ہے۔ علاقہ، جس میں مکھرجی کا آبائی گھر ہے، بہت سے لوگوں کی طرف سے رہنما کے ساتھ گہرے تاریخی اور جذباتی تعلق کی وجہ سے سب سے مناسب جگہ سمجھا جاتا ہے۔ ریاستی بی جے پی کے اندر ذرائع نے اشارہ کیا ہے کہ بھبانی پور اور آس پاس کے علاقے فی الحال زیر غور ہیں۔ مجسمے کے علاوہ، ریاستی حکومت مکھرجی کی 125 ویں یوم پیدائش کے موقع پر سال بھر میں کئی تقریبات کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ اطلاعات اور ثقافتی امور کے محکمہ کے زیر اہتمام ریاست بھر میں سیمینار، نمائشیں، مباحثے اور ثقافتی پروگراموں کا انعقاد متوقع ہے۔ فی الحال، مکھرجی کا سب سے اونچا مجسمہ لکھنؤ میں اتر پردیش کے راشٹر پریرنا ستھال میں کھڑا ہے۔ 65 فٹ کانسی کے مجسمے کی نقاب کشائی وزیر اعظم نریندر مودی نے کی تھی اور اسے مشہور مجسمہ ساز رام سوتار اور ان کے بیٹے انیل (مونٹو) سوتار نے ڈیزائن کیا تھا۔ کولکاتا کا مجوزہ مجسمہ، تاہم، اس ریکارڈ کو نمایاں طور پر پیچھے چھوڑنے کے لیے تیار ہے، جو تقریباً دوگنا اونچا ہے- جو تقریباً 12 منزلہ عمارت کے برابر ہے۔ ماہرین نے نشاندہی کی ہے کہ اتنی وسعت کے ڈھانچے کی تعمیر کے لیے وسیع تکنیکی منصوبہ بندی کی ضرورت ہوگی۔ ساختی استحکام، ہوا کی مزاحمت، زلزلے کی لچک، اور وزیٹر انفراسٹرکچر جیسے عوامل کو احتیاط سے غور کرنے کی ضرورت ہوگی۔ ان چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے، ریاستی حکومت سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اس پروجیکٹ کے لیے متعدد ماہر ایجنسیوں کو شامل کرے گی۔ بی جے پی لیڈروں نے اس بات پر زور دیا ہے کہ مکھرجی محض ایک سیاسی شخصیت نہیں تھے بلکہ وہ قوم پرست نظریہ کے کلیدی حامی تھے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس اقدام کا مقصد نوجوان نسلوں کو تعلیم، سیاست اور قومی یکجہتی میں ان کی شراکت سے واقف کرانا ہے۔ تیاریاں جاری ہیں اور متوقع عمارت کے ساتھ، اب سب کی نظریں 5 جولائی پر ہیں، جب سنگ بنیاد رکھا جائے گا، جس کے آغاز کی نشان دہی کی جارہی ہے جس کی توقع ہے کہ کولکاتا کے سب سے نمایاں نشانات میں سے ایک بن جائے گا۔



وزیر اعلیٰ شوبھندو ادھیکاری نے جمعہ کو عالمی یوم ماحولیات 2026 کے موقع پر سال بھر جاری رہنے والی ایک درخت ماں کے نام پہل کا آغاز کرتے ہوئے۔

# مکند رانا ڈے کولکاتا کے نئے پولس کمشنر؟ ڈی جی کے عہدے پر ترقی ملنے پر دفتر میں چرچا



کولکاتا ، 5رجون: (عوامی نیوز سروس) ریاست کے موجودہ اے ڈی جی اور آئی جی پی (لا اینڈ آرڈر) اجے مکند راناڈے کو ڈائریکٹر جنرل آف پولیس (ڈی جی) کے عہدے پر ترقی دی گئی ہے۔ اس سلسلے میں جمعرات کو ریاستی محکمہ داخلہ (پولس سروس سیل) کی طرف سے ایک نوٹیفکیشن جاری کیا گیا ہے۔ کیا اجے مکند راناڈے کولکاتا کے نئے پولس کمشنر ہیں؟ ڈی جی کے عہدے پر ترقی ملنے پر دفتر میں بحث جاری ہے۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ گورنر کی ہدایات کے مطابق 1995 بیچ کے آئی پی ایس افسر اجے مکند راناڈے کو ترقی دے کر 'ڈائریکٹر جنرل اور انسپکٹر جنرل آف پولس، لا اینڈ آرڈر، مغربی بنگال ' مقرر کیا گیا ہے۔ نبانہ ذرائع کے مطابق، اگرچہ اس تقرری کا اعلان 4 جون کو کیا گیا تھا، لیکن اسے یکم مئی سے مؤثر سمجھا جائے گا اور وہ اگلے احکامات تک یہ ذمہ داری نبھائیں گے۔ تاہم خبریں یہاں تک محدود نہیں ہیں۔ سینئر آئی پی ایس افسر جوئے مکند راناڈے کے ڈی جی کے عہدے پر ترقی نے نوکر شاہی اور پولس حلقوں میں قیاس آرائیاں شروع کر دی ہیں۔ یعنی کیا اس سینئر آئی پی ایس افسر کو کولکاتا پولس کمشنر بنایا جائے گا؟۔ مغربی بنگال میں اسمبلی انتخابات کا اعلان ہونے کے دن ہی سپر تیم سرکار کو کولکاتا پولس کمشنر کے عہدے سے ہٹا دیا گیا تھا۔ کولکاتا پولس کمشنر بننے سے پہلے سپر تیم سرکار اے ڈی جی لا اینڈ آرڈر بھی تھے۔ ان کی جگہ آئی پی ایس افسر اجے نندا کو کولکاتا پولس کمشنر بنایا گیا۔ نبانہ ذرائع کا دعویٰ ہے کہ اجے نندا کو کولکاتا کے کمشنر کے عہدے سے ہٹا کر دوسری ذمہ داری سونپی جاسکتی ہے۔ اس کے بجائے اجے مکند راناڈے کو اس عہدے پر لایا جاسکتا ہے۔ نبانہ ذرائع کا یہ بھی کہنا ہے کہ بہت جلد آئی پی ایس سطح پر بڑا ردوبدل ہوسکتا ہے۔ اس کے بعد نہ صرف کولکاتا پولس کمشنر کے عہدے میں بلکہ مجموعی طور پر مزید تبدیلیاں ہوں گی۔ یہ جمعہ 5 جون کو کابینہ کے قلمدانوں کی تقسیم کے بعد کسی بھی دن ہوسکتا ہے۔

# کولکاتا کارپوریشن میں میئر کے استعفیٰ کے بعد میونسپل بورڈ کو تحلیل کرنے کا عمل شروع



کولکاتا ، 5رجون: (عوامی نیوز سروس) کولکاتا کارپوریشن نے فرہاد حکیم کے میئر کے عہدے سے استعفیٰ دینے کے بعد کولکاتا کارپوریشن کے میونسپل بورڈ کو تحلیل کرنے کا عمل شروع کیا۔ معلوم ہوا ہے کہ میونسپل انتظامیہ نے میئر کے استعفیٰ کے بعد میونسپل بورڈ کو تحلیل کرنے کی تیاریاں شروع کردی ہیں۔ دوسری جانب فرہاد حکیم نے کہا کہ 6 ماہ باقی رہ کر عہدہ چھوڑ دیا۔ کیونکہ، وہ نہیں سمجھتے کہ اس عہدے سے چمٹے رہنے کا کوئی فائدہ ہے۔ واضح ہو کہ 4 مئی کو اسمبلی انتخابات کے نتائج کا اعلان ہونے کے بعد سے بلدیہ کے ترنمول کونسلر اس طرح سے عوامی رابطہ کرتے نہیں دیکھے گئے۔ بہت سے لوگوں نے شکایت کی ہے کہ وہ اپنے علاقوں میں نہیں ہیں۔ اور ایسے میں فرہاد حکیم شکایت کررہے ہیں کہ انہیں میونسپل حکام سے بھی مدد نہیں مل رہی ہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ بوبی حکیم صرف میئر کی کرسی پر نہیں بیٹھنا چاہتے، انہوں نے خود کہا۔ میونسپل ذرائع کے مطابق اس سلسلے میں جلد ہی نوٹیفکیشن جاری کیا جائے گا۔ فرہاد حکیم نے کہا کہ میئر کے طور پر اپنے دور میں جن دو سب سے بڑے مسائل کا سامنا کرنا پڑا وہ امفان سائیکلون اور کورونا وائرس وبائی امراض تھے۔ انہوں نے شہر کے لوگوں کو مناسب خدمات فراہم کرنے کو یقینی بنانے کے لیے ٹاک ٹو میئر بھی شروع کیا۔ ریاست کے سابق وزیر بلدیات اور شہری ترقیات فرہاد حکیم نے آج نامہ نگاروں کو بتایا کہ وہ استعفیٰ کیوں دے رہے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ فرہاد حکیم کوئی نہیں ہے۔ لیکن جس کرسی پر ہمارے وہ تمام یادگار لوگ بیٹھے تھے، اس کو ایک خاص اعزاز حاصل ہے۔ جب میں میئر تھا، میں نے اسے اختیار کے ساتھ نبھایا، میں خود وزیر بلدیات تھا، خود میئر تھا۔ بلدیہ میں جو بھی منظور ہوتا، میں اسے وزارت بلدیات سے منظور کرواتا اور کام کرتا ہوں۔ اب میں جس کے ساتھ آیا ہوں ان کے مسائل حل کرنے کے لیے کام کروں گا۔ اس لیے میں کرسی کی بے عزتی نہیں کرسکتا۔

# ودیا ساگر سیتو 7 جون کو مرمت کیلئے بند، کولکاتا پولس کی ٹریفک ایڈوائزری جاری

کولکاتا ،5رجون: (عوامی نیوز سروس) اتوار کو کولکاتا اور ہوڑہ کے درمیان سفر کرنے والے مسافروں کو ٹریفک موڑ کے لیے تیار رہنا چاہیے کیونکہ ودیا ساگر سیتو 7 جون کو صبح 5 بجے سے رات 9 بجے تک تمام گاڑیوں کی نقل وحرکت کے لیے بند رہے گا۔ کولکاتا پولس کی طرف سے 5 جون کو جاری کردہ ایک نوٹیفکیشن کے مطابق، پل کی مرمت اور بحالی کے کاموں میں سہولت فراہم کرنے کے لیے بندش کی ضرورت پڑی ہے، جس میں اسٹے کیبلز، ہولڈنگ ڈاؤن کیبلز اور بیرنگ کو تبدیل کرنا شامل ہے۔ یہ کام ہگلی ریور برج کمشنرز اتھارٹی کے ذریعے کیا جارہا ہے۔ 16 گھنٹے کی بندش کے دوران مختلف سمتوں سے ودیا ساگر سیتو کی طرف آنے والی گاڑیوں کو متبادل راستوں سے موڑ دیا جائے گا۔ زیرت آئی لینڈ کی طرف سے اے جے سی بوس روڈ کے ساتھ آنے والی ٹریفک کو ٹرف ویو اور ہیسٹنگز کراسنگ کے ذریعے اسٹرینڈ روڈ اور ہوڑہ برج تک پہنچایا جائے گا۔ جواہر لال نہرو کی طرف سے خضر پور روڈ سے جانے والی گاڑیوں کو بھی ہیسٹنگ کراسنگ اور اسٹرینڈ روڈ سے موڑ دیا جائے گا۔ خضر پور کی طرف سے سرکلر گارڈن ریچ روڈ کے ساتھ ودیا ساگر سیتو کی طرف جانے والی ٹریفک کو ہیسٹنگس کراسنگ اور اسٹرینڈ روڈ کے ذریعے تبدیل کیا جائے گا۔ ریس گراؤنڈ کے قریب خضر پور روڈ ریمپ کے ذریعے پل تک رسائی کی کوشش کرنے والی گاڑیوں کو بھی ریڈ روڈ اور دیگر مقررہ راستوں کے ذریعے ہوڑہ پل کی طرف موڑ دیا جائے گا۔ کولکاتا پولس نے کہا کہ بھیڑ کو سنبھالنے کے لیے اگر ضرورت پڑی تو سڑکوں کے ذریعے اضافی موڑ نافذ کیا جاسکتا ہے۔ گاڑی چلانے والوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ اس کے مطابق اپنے سفر کی منصوبہ بندی کریں اور بندش کے دوران متبادل کراسنگ استعمال کریں۔

# ابھیشیک بنرجی کو ہائی کورٹ سے عدم تحفظ، 10 جون کو اگلی سماعت

کولکاتا ،5رجون: (عوامی نیوز سروس) ابھیشیک بنرجی کو ہائی کورٹ سے فی الحال کوئی راحت نہیں ملی ہے۔ جمعہ کو دستخطی جعلسازی کیس میں کوئی تحفظ نہیں دیا گیا۔ ابھیشیک کے وکلاء دن میں دو بار توجہ دلانے کے باوجود سماعت کرنے میں ناکام رہے۔ عدالت نے کہا کہ ابھیشیک کے معاملے کی اگلی سماعت بدھ کو ہائی کورٹ میں ہوگی۔ خیال رہے کہ سی آئی ڈی نے دستخطی جعلسازی کے معاملے میں ابھیشیک کو 8 جون کو طلب کیا ہے۔ اس وقت کیس میں کوئی تحفظ نہیں ہے۔ اس صورت حال میں کیا ابھیشیک 8 جون کو سی آئی ڈی کے پاس جائیں گے؟ وکلاء کے ایک حصے کا کہنا ہے کہ چونکہ یہ مقدمہ کلکتہ ہائی کورٹ میں زیر التوا ہے، اس لیے ابھیشیک مزید وقت کے لیے سی آئی ڈی کو درخواست دے سکتے ہیں۔ کیس کی اگلی سماعت 10 جون کو ہوگی۔

# بھانگڑ دھماکہ کیس: ترنمول کے سابق ایم ایل اے شوکت ملا مفرور قرار: این آئی اے

کولکاتا ،5رجون: (عوامی نیوز سروس) نیشنل انویسٹی گیشن ایجنسی (این آئی اے) نے جمعہ کو ترنمول کانگریس کے سابق ایم ایل اے شوکت ملا کو مغربی بنگال میں بھانگڑ دھماکوں کے معاملے میں مفرور قرار دیا ہے اور اس کی بڑے پیمانے پر تلاش جاری ہے۔ ایک سینئر عہدیدار نے کہا۔ اہلکار نے بتایا کہ کیننگ ایسٹ کے سابق ایم ایل اے ملا کے بارے میں خیال کیا جاتا ہے کہ وہ زیر زمین چلے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملزم کے زیر استعمال تینوں موبائل فون بند کر دیے گئے ہیں اور ملزم کی تمام ضروری معلومات بارڈر سیکوریٹی فورس (بی ایس ایف) کے ساتھ شیئر کر دی گئی ہیں تاکہ وہ ملک سے باہر نہ جاسکے۔ اہلکار نے بتایا کہ ہم نے شوکت مولا کو مفرور قرار دے دیا ہے اور تمام متعلقہ ایجنسیوں کو الرٹ کر دیا ہے۔ بین الاقوامی سرحد کو پار کرنے کی کسی بھی کوشش کو روکنے کے لیے ضروری معلومات BSF اور دیگر حکام کے ساتھ شیئر کی گئی ہیں۔ اہلکار نے بتایا کہ ایجنسی ملا کے ٹھکانے کے بارے میں کئی لیڈز پر کام کر رہی ہے۔ اہلکار نے کہا کہ ایسے اشارے ملے ہیں کہ وہ کسی رشتہ دار کے گھر چھپا ہوا ہوسکتا ہے۔ کئی ٹیمیں تلاش کر رہی ہیں۔ ہمیں یقین ہے کہ انہیں جلد ہی مل جائے گا۔ واضح ہو کہ مرکزی تفتیشی ایجنسی نے جمعرات کو ملا کے گھر، پارٹی دفتر اور دیگر مقامات پر تلاشی لی اور مارچ میں ہونے والے دھماکوں کی تحقیقات کے سلسلے میں ایک اور شخص کو گرفتار کیا، جس سے اس کیس میں گرفتار ہونے والوں کی کل تعداد تین ہوگئی۔ جمعرات کو گرفتار ہونے والا شخص اس گاڑی کا ڈرائیور ہے جسے بمباروں کو لے جانے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا۔ تحقیقاتی ایجنسی کے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ ایس یو وی ڈرائیور سانور ملا کی گرفتاری کے ساتھ، کیس میں گرفتاریوں کی کل تعداد تین ہو گئی ہے۔ مزید کہا گیا ہے کہ آپریشنز کے ایک حصے کے طور پر، کل آٹھ مقامات کی تلاشی لی گئی، جن میں مفرور سابق ایم ایل اے شوکت ملا کا گھر اور اس کیس کے مشتبہ سازشی اور سازش کار شامل ہیں۔

# بھانگڑ: غیر قانونی تعمیرات روکنے کی کوشش کے دوران کولکاتا پولس پر حملہ



کولکاتا ،5رجون: (عوامی نیوز سروس) مشرقی کولکاتا کے گیلے علاقوں میں غیر قانونی تعمیرات کو روکنے کی کوشش کے دوران کولکاتا پولس کے کئی اہلکاروں پر حملہ کیا گیا۔ واقعہ کو لے کر علاقے میں شدید غم وغصہ پایا جاتا ہے۔ مار پیٹ، تھپڑ اور گھونسوں کے علاوہ لاٹھیوں سے مارنے کے الزامات بھی لگے ہیں۔ یہ بھی الزام ہے کہ ایک پولیس افسر کے کپڑے بھی پھاڑ دیے گئے۔ یہ سنسنی خیز واقعہ بھانگڑ کے ہتی شالہ تھانہ علاقے میں پیش آیا۔ واضح ہو کہ ریاست میں تبدیلی کے بعد سے پولس ایکشن موڈ میں نظر آرہی ہے۔ بھانگڑ پچھلی حکومت کے دوران کولکاتا پولس کے کنٹرول میں آیا تھا۔ اس کے بعد سے بھانگڑ بہت بدل گیا ہے۔ اس بار بی جے پی حکومت کے اقتدار میں آنے سے نئی آکسیجن ملی ہے۔ پولس ہر جگہ بالکل مختلف موڈ میں نظر آرہی ہے۔ کریک ڈاؤن زوروں پر جاری ہے۔ ادھر ریاست میں حکومت کی تبدیلی کے بعد 2011 سے 2026 کے درمیان میونسپلٹی اور پنچایتی علاقوں میں ہوئی غیر قانونی تعمیرات کی بڑی جانچ کا حکم دیا گیا ہے۔ ایک کے بعد ایک غیر قانونی تعمیرات پر بلڈوزر چل رہے ہیں۔ اس بار کولکاتا پولس نے یوم ماحولیات کے موقع پر مشرقی کولکاتا کے گیلے علاقوں میں غیر قانونی تعمیرات کو روکنے کے لیے ایک مہم شروع کی ہے۔ تھانہ ہتی شالہ کی بھاری نفری آباد پارہ میں غیر قانونی تعمیرات کو روکنے کے لیے گئی تو جھگڑا شروع ہوگیا۔ مبینہ طور پر علاقے کے مرد اور خواتین ایک ہی وقت میں پولس پر کود پڑے۔ پولس کو گھیر لیا اور مارا پیٹا۔ مار پیٹ کے دوران ایک پولس اہلکار کے کپڑے بھی پھٹ گئے۔ واقعے کے رد عمل میں مقامی لوگوں نے پولس پر بھتہ خوری کے الزامات عائد کیے ہیں۔ سیاسی میدان میں بہت دباؤ ہے۔ تاہم ابھی تک یہ معلوم نہیں ہوسکا ہے کہ پولس نے اس واقعے میں اب تک کسی کو حراست میں لیا ہے یا کسی کو گرفتار کیا ہے۔ تفتیش جاری ہے۔

# کرونا موئی سے کولکاتا اسٹیشن تک ایک نئے میٹرو روٹ کی اجازت

کولکاتا ،5رجون: (عوامی نیوز سروس) ہوڑہ، سیالدہ، ایئرپورٹ کے بعد اب کولکاتا اسٹیشن بھی میٹرو سے منسلک ہونے جارہا ہے۔ وزارت ریلوے کرونا موئی سے کولکاتا اسٹیشن تک ایک نیا میٹرو روٹ شروع کرنا چاہتی ہے۔ وزارت ریلوے کی جانب سے ابتدائی سروے کی اجازت بھی دی گئی ہے۔ میٹرو کھودی رام بوس روڈ، باگجولا کینال، سالٹ لیک آئی لینڈ نمبر 6 کے راستے کرونا موئی پہنچ سکتی ہے۔ کرونا موئی میں پہلے سے ہی ایک گرین لائن اسٹیشن موجود ہے۔ اگر اس منصوبے کو عملی جامہ پہنایا جاتا ہے تو نیا روٹ دیگر موجودہ روٹس سے بھی منسلک ہوجائے گا۔ میٹرو حکام کا خیال ہے کہ زیادہ تر مجوزہ راستہ نہر کے اوپر ہے، اس لیے زمین سے متعلق کوئی مسئلہ نہیں ہوگا۔ فی الحال اس سروے پر 8 لاکھ روپے کی لاگت آئے گی اور اس کے بعد ہی نئے روٹ میٹرو کے بارے میں حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔ ذہن نشیں رہے کہ چنگڑی گھاٹہ کے بعد میٹرو کی اورنج لائن پر ایک اور رکاوٹ کھل گئی ہے۔ میٹرو کو مغربی بنگال کی نئی حکومت سے وی آئی پی روڈ کے ہلدی رام علاقے میں کام کرنے کی اجازت مل گئی ہے۔ اس بار میٹرو حکام پر امید ہیں کہ تعمیراتی کام تیزی سے مکمل ہو جائے گا۔ چنگری گھاٹہ میں میٹرو کا کام جو تقریباً 2 سال سے پھنسا ہوا تھا، ریاست میں بی جے پی حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد صرف 120 گھنٹے میں مکمل ہوگیا۔ اب اورنج لائن کا ایک اور مسئلہ حل ہوگیا ہے۔ چنگڑی گھاٹہ کے بعد میٹرو کو وی آئی پی روڈ کے ہلدی رام علاقے میں کام کرنے کی اجازت مل گئی ہے۔ الزام ہے کہ اس کام کے لیے 2 سال قبل اجازت مانگی گئی تھی لیکن اس وقت کی ریاستی حکومت نے اس کی اجازت نہیں دی تھی۔ بی جے پی حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد ہی اس کام کی اجازت دی گئی۔ ریل وکاس نگم لمیٹڈ نے ایک طرفہ سڑک تعمیر کی ہے۔ یہ سڑک جو کہ تقریباً 175 میٹر لمبی اور 9 میٹر چوڑی ہے، وی آئی پی روڈ کو چنار پارک سے جوڑے گی۔ میٹرو حکام کو امید ہے کہ سڑک اگلے ماہ تک استعمال کے لیے تیار ہو جائے گی۔ کافی عرصے سے ہلدی رام فلائی اوور سے متصل علاقے میں اورنج لائن کے آخری دو ستونوں کی تعمیر میں مسئلہ تھا۔ اس سیکشن میں ٹریفک کو کنٹرول نہ کیا گیا تو کام آگے نہیں بڑھ سکتا۔ مبینہ طور پر ترنمول حکومت سے بار بار درخواست کرنے کے باوجود اجازت نہیں دی گئی۔ اب میٹرو نے کام شروع کر دیا ہے۔ اورنج لائن کا آخری ساڑھے تین کلومیٹر سٹی سینٹر-2 سے ہوائی اڈے تک پھیلا ہوا ہے۔ اگرچہ اس کا زیادہ تر حصہ فلائی اوور پر ہے، لیکن یہ ہوائی اڈے سے تقریباً 850 میٹر پہلے ایک زیر زمین راستے میں داخل ہوتا ہے اور کوئی کھلی میں ایک ریمپ کے ذریعے منسلک ہوتا ہے۔

## پری مانسون بارش کے اس دوران جمعہ کو شہر بھر میں اورنج الرٹ جاری

کولکاتا ،5رجون: (عوامی نیوز سروس) کولکاتا اور آس پاس کے اضلاع میں آج صبح تیز ہواؤں کی وجہ سے تباہی کی صورتحال پیدا ہوگئی ہے۔ کولکاتا اور اس سے ملحقہ اضلاع میں جمعہ کی صبح سے ہی موسلادھار بارش شروع ہوگئی۔ ادھر جنوبی بنگال کے لوگوں کو گرمی سے کچھ راحت ملی۔ ماہرین موسمیات کا کہنا ہے کہ یہ پری مانسون بارش ہے۔ اس دوران جمعہ کو شہر بھر میں اورنج الرٹ جاری کر دیا گیا ہے۔ دن بدن درجہ حرارت بڑھتا جارہا ہے۔ محکمہ موسمیات کا کہنا ہے کہ جنوبی بنگال کے کئی اضلاع میں جمعہ کو گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ تاہم محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ اس کی وجہ سے درجہ حرارت میں زیادہ فرق نہیں آئے گا۔ آج اور پرسوں اتوار کو ہلکی سے درمیانی بارش کے ساتھ 30 سے 50 کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ بیر بھوم، مرشد آباد، ندیا، شمالی اور جنوبی 24 پرگنہ اور مشرقی مدناپور اضلاع میں مزید بارش کا امکان ہے۔ بارش کے ساتھ ساتھ کئی مقامات پر تیز ہوائیں بھی چلیں گی۔ کولکاتا اور ملحقہ اضلاع میں آج گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ درجہ حرارت 35 سے 37 ڈگری سیلسیس کے درمیان ہوسکتا ہے۔

# آبنائے ہرمز سے بارودی سرنگیں ہٹانے کیلئے برطانیہ اور فرانس متحرک



لندن، 5 جون، (یو این آئی) برطانیہ اور فرانس امریکہ اور ایران کے درمیان حالیہ کشیدگی کے بعد آبنائے ہرمز کو بحری بارودی سرنگوں سے پاک کرنے کیلئے ایک وسیع بین الاقوامی مشن کی قیادت کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ باخبر ذرائع کا کہنا ہے کہ لندن اور پیرس اس مشن کے بنیادی منصوبوں کو حتمی شکل دے چکے ہیں۔ خبر رساں ادارے بلومبرگ کے مطابق اس آپریشن کے امریکہ اور ایران کے درمیان تجارتی جہاز رانی کی بحالی سے متعلق کسی مفاہمت کے چند روز بعد شروع ہونے کا امکان ہے۔

آبنائے ہرمز دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں شمار ہوتی ہے، جہاں سے عالمی تیل اور گیس کی برآمدات کا بڑا حصہ گزرتا ہے۔ حالیہ کشیدگی کے باعث اس علاقے میں بحری نقل وحرکت شدید متاثر ہوئی ہے۔

ذرائع کے مطابق 15 ممالک پر مشتمل ایک اتحاد اس مشن میں شامل ہوگا اور متعدد ممالک پہلے ہی افرادی قوت اور سازوسامان فراہم کرنے کا عہد کر چکے ہیں۔

رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ فوجی منصوبہ ساز ان بارودی سرنگوں کو ہٹانے کیلئے اعلیٰ سطح کی ہم آہنگی کر رہے ہیں جو مبینہ طور پر پاسداران انقلاب کی جانب سے آبنائے کے بعض حصوں میں بچھائی گئی ہیں۔

ذرائع نے بتایا کہ لاجسٹک تیاریاں تقریباً مکمل ہیں، تاہم خصوصی معاون بحری جہازوں سمیت کچھ اضافی وسائل کی ضرورت اب بھی موجود ہے۔

رپورٹ کے مطابق دستوں کی تعیناتی اس وقت تک شروع نہیں ہوگی جب تک امریکہ اور ایران کے درمیان ایسا معاہدہ طے نہیں پا جاتا جو تجارتی جہاز رانی کی مکمل بحالی اور آپریشنز کیلئے محفوظ ماحول کی ضمانت فراہم کرے۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے حال ہی میں دعویٰ کیا تھا کہ امریکی افواج آبنائے میں موجود بیشتر بحری بارودی سرنگیں ہٹانے میں کامیاب ہو چکی ہیں، جبکہ امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا تھا کہ ایران نے آبنائے کے وسیع علاقوں میں بارودی سرنگیں بچھا رکھی ہیں۔

دوسری جانب ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے مذاکرات میں پیش رفت نہ ہونے کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ جنوبی لبنان میں اسرائیلی فوجی کارروائیوں کے باعث بات چیت پیچیدگی کا شکار ہے۔

رپورٹ کے مطابق یہ یورپی اقدام خلیج میں سلامتی اور عالمی توانائی کی سپلائی کو مستحکم بنانے کیلئے برطانیہ اور فرانس کے بڑھتے ہوئے کردار کی عکاسی کرتا ہے۔

اس سلسلے میں رائل نیوی نے جبرالٹر سے سپورٹ جہاز "آر ایف اے لیسے بے" روانہ کیا ہے، جو بارودی سرنگوں کا پتہ لگانے اور انہیں ناکارہ بنانے والے جدید اور بغیر پائلٹ نظاموں سے لیس ہے۔

ماہرین کے مطابق اس مشن کی کامیابی عالمی توانائی کی منڈیوں میں استحکام اور دنیا کی اہم ترین بحری گزرگاہوں میں سے ایک کے ذریعے تیل کی ترسیل کی بحالی میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔

# وزیراعظم مودی میرے اچھے دوست، ہندوستان کے ساتھ جلد ہوگا تجارتی معاہدہ: ٹرمپ



واشنگٹن، 5 جون (یو این آئی) امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے امید ظاہر کی ہے کہ ہندوستان اور امریکہ جلد ہی ایک تجارتی معاہدے تک پہنچ جائیں گے۔ یہ بات انہوں نے ایک پریس کانفرنس میں کہی۔ انہوں نے کہا، "ہم ایک معاہدے تک ضرور پہنچیں گے، کیونکہ میں ہندوستانی وزیراعظم کو بہت پسند کرتا ہوں۔ وہ میرے اچھے دوست ہیں۔ ہمارے درمیان بہترین تال میل ہے اور ہم مل کر یہ ڈیل کرنے جا رہے ہیں۔"

انہوں نے یہ بھی کہا کہ امریکہ اب "ہندوستان کے ساتھ کافی منافع کما رہا ہے۔ "پہلے صورتحال مختلف تھی اور ہندوستان بھاری ٹیرف لگا کر امریکہ سے پیسے کماتا تھا۔ اپنی بات کو سمجھانے کے لیے مسٹر ٹرمپ نے امریکی موٹرسائیکل برانڈ 'ہارلے ڈیوڈسن' کی مثال دی۔ انہوں نے دلیل دی کہ ماضی میں ہندوستان کے لگائے گئے اونچے ٹیرف کی وجہ سے اس باوقار مینوفیکچرر کے لیے ہندوستان میں اپنی گاڑیاں بیچنا بے حد مشکل ہوگیا تھا۔

مسٹر ٹرمپ نے کہا، "ماضی میں، وہ ہارلے ڈیوڈسن کو اپنی موٹرسائیکلیں نہیں بیچنے دیتے تھے۔ انہوں نے 200 فیصد کا ٹیرف لگا رکھا تھا، جس سے ہارلے ڈیوڈسن کے لیے راستے بند ہو گئے تھے۔ آخر کار کمپنی کو ہندوستان جا کر اپنے خود کے پلانٹ لگانے پڑے۔ جو ہوا وہ بدقسمت تھا، لیکن ایسا ہوا۔ یہ سب میرے دورِ اقتدار سے پہلے کی بات ہے۔ "انہوں نے کہا، "وہ کبھی یہاں موٹرسائیکلیں بیچتے تھے۔ کیا آپ جانتے ہیں کہ ہم ان سے کتنا محصول لیتے تھے؟ کچھ بھی نہیں۔ اور اب صورتحال اس کے بالکل الٹ ہے۔ ہم ہندوستان کے ساتھ کافی منافع کما رہے ہیں۔ "امریکی صدر نے یہ بھی الزام لگایا کہ ہندوستان برسوں سے امریکی پالیسیوں کا فائدہ اٹھا رہا تھا اور بھاری بھرکم ٹیرف وصول کر رہا تھا۔ انہوں نے کہا، "وہ ہماری کمپنیوں سے بھاری مقدار میں ٹیرف وصولتے تھے اور ہم ان سے کچھ بھی نہیں لیتے تھے۔"

مسٹر ٹرمپ کا یہ بیان ایسے وقت میں آیا ہے، جب امریکی وفد نے نئی دہلی میں ایک عبوری دوطرفہ معاہدے پر چار دنوں تک چلی بات چیت کو جمعرات کو مکمل کیا ہے۔ ہندوستان کی وزارتِ تجارت نے اس بات چیت کے بارے میں کہا کہ تجارتی بات چیت تعاون اور عملیت پسندی کی روح سے بھری رہی۔ دونوں فریقین نے ایک ایسے باہمی طور پر فائدہ مند معاہدے تک پہنچنے کے عزم کا اعادہ کیا، جو دوطرفہ تجارت اور اقتصادی تعلقات کو مضبوط کرے۔

# افغان پناہ گزینوں کا ایرانی پولیس پر بھتہ خوری اور املاک ضبط کرنے کا الزام

ہرات۔ 5 جون، (یو این آئی) ایران سے واپس آنے والے افغان پناہ گزینوں نے الزام عائد کیا ہے کہ ایرانی پولیس اہلکار افغانستان واپس بھیجے جانے والے افراد سے رقم وصول کرتے ہیں اور بعض اوقات راستہ جاری رکھنے یا ملک بدری کے عمل کو تیز کرنے کے لیے ان سے بھتہ طلب کیا جاتا ہے۔

افغان پناہ گزینوں نے میڈیا کو بتایا کہ بہت سے افراد اپنے مالی حقوق اور اجرتیں وصول کیے بغیر ہی ایران سے نکال دیے گئے، جبکہ بعض کا دعویٰ ہے کہ ان کی رقم اور ذاتی املاک بھی ضبط کرلی گئیں۔

واپس آنے والے ایک افغان پناہ گزین نے کہا کہ سرحد کی جانب سفر کے دوران متعدد افغانوں کو براہ راست بھتہ خوری کا سامنا کرنا پڑا اور بعض پولیس اہلکاروں نے نقل وحرکت میں سہولت کے نام پر رقم طلب کی۔

ذرائع کے مطابق کئی افغان کارکن ملک بدری سے قبل اپنی ملازمتوں سے محروم ہو گئے اور آجروں سے واجبات بھی وصول نہ کرسکے۔ بعض افراد حراستی مراکز یا راستے میں مختلف ادائیگیوں کے بعد تقریباً خالی ہاتھ سرحد تک پہنچے۔

رپورٹس کے مطابق تہران اور اصفہان سمیت مختلف ایرانی شہروں سے افغانستان واپس آنے والے افراد نے دعویٰ کیا کہ انہیں راستے میں فیسوں اور رشوت کی ادائیگی پر مجبور کیا گیا۔

افغانستان کے صوبہ ہرات میں واقع اسلام قلعہ سرحدی گزرگاہ پر واپس آنے والوں نے بتایا کہ بعض افغان شہریوں کے قانونی دستاویزات ہونے کے باوجود انہیں دباؤ اور مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔

بعض افراد نے الزام لگایا کہ ان کے رہائشی کاغذات تسلیم نہیں کیے گئے، جبکہ کچھ نے اجرت نہ ملنے اور موبائل فون سمیت ذاتی سامان ضبط کیے جانے کی شکایت بھی کی۔

دوسری جانب ایرانی حکام نے کہا ہے کہ مالی واجبات رکھنے والے غیر ملکی شہری امیگریشن پولیس اور متعلقہ اداروں کے پاس اپنی شکایات درج کرا سکتے ہیں۔

ایرانی پولیس کے ترجمان سعید منتظر المہدی کے مطابق شکایات موصول ہونے پر ان کی پیروی کی جاسکتی ہے اور اس مقصد کے لیے ایک نظام بھی تیار کیا جا رہا ہے۔

تاہم واپس آنے والے افغانوں کا کہنا ہے کہ ملک بدری کی تیز رفتار کارروائیوں کے باعث انہیں اپنی اجرتیں وصول کرنے، سامان سمیٹنے یا قانونی چارہ جوئی کا مناسب موقع نہیں ملتا۔

ادھر ہیومن رائٹس واچ نے اپنی سابقہ رپورٹوں میں ایران میں افغان پناہ گزینوں کے خلاف جسمانی تشدد، نامناسب حراستی حالات اور زبردستی اخراجات وصول کیے جانے کے واقعات کا ذکر کیا ہے۔

تنظیم نے مطالبہ کیا ہے کہ ایرانی حکام افغان شہریوں کے خلاف مبینہ خلاف ورزیوں کا خاتمہ کریں اور ملک بدر کیے جانے والے افراد کو اپنی اجرتیں وصول کرنے اور املاک کے تصرف کا مناسب موقع فراہم کریں۔

رپورٹس کے مطابق یہ صورتحال ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب بڑی تعداد میں افغان شہری ایران اور دیگر پڑوسی ممالک سے واپس افغانستان آ رہے ہیں، جس کے باعث ملک کے امدادی اور سماجی نظام پر اضافی دباؤ بڑھ رہا ہے۔

# جنگ بندی کے باوجود اسرائیلی حملے جاری
# لبنان میں 8 افراد جاں بحق

بیروت، 5 جون، (یو این آئی) اسرائیل اور لبنان کے درمیان جنگ بندی کے اعلان کے باوجود اسرائیلی حملے جاری رہے، جس کے نتیجے میں متعدد ہلاکتیں اور زخمی ہونے کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی فوج نے جمعرات کو جنوبی لبنان کے مختلف علاقوں پر بمباری کی، جس کے بعد دریائے زہرانی کے جنوب میں واقع علاقوں کے رہائشیوں کو اپنے گھروں میں واپس نہ جانے کی ہدایت کی گئی۔ رپورٹس کے مطابق اقوام متحدہ کی امن فوج کے ایک مورچے کے قریب مارٹر گولے گرنے سے زخمی ہونے والا ایک اہلکار بعد ازاں دم توڑ گیا۔ لبنانی وزارتِ صحت کے مطابق جنگ بندی کے بعد ہونے والے اسرائیلی حملوں میں 8 افراد جاں بحق اور 8 زخمی ہوئے ہیں۔ جاں بحق ہونے والوں میں 3 بچے اور 2 خواتین بھی شامل ہیں۔ دوسری جانب میڈیا رپورٹس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ اسرائیلی حملوں کے جواب میں حزب اللہ نے اسرائیلی فوجی اہداف پر راکٹ حملے کیے۔ حزب اللہ کے سربراہ نعیم قاسم نے اسرائیل کے ساتھ مذاکرات کو "شرمناک" قرار دیتے ہوئے کہا کہ جب تک لبنانی عوام نشانہ بنتے رہیں گے، اسرائیل بھی محفوظ نہیں رہے گا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز امریکی ثالثی کے نتیجے میں اسرائیل اور لبنان جنگ بندی پر متفق ہوئے تھے۔ امریکی محکمہ خارجہ کے مطابق دونوں ممالک نے جنگ بندی کے ساتھ ساتھ مذاکرات کا سلسلہ جاری رکھنے پر بھی اتفاق کیا ہے، جبکہ اگلے مذاکرات 22 جون کو متوقع ہیں۔

# ایران سے جنگ کے دوران امریکی طیارہ بردار جہاز پر آگ لگنے سے نقصان کی ویڈیو سامنے آ گئی

واشنگٹن، 5 جون (یو این آئی) ایران سے جنگ کے دوران امریکی طیارہ بردار بحری جہاز پر آگ لگنے کے بعد ہونے والے نقصان کی ویڈیو سامنے آ گئی۔ امریکی ٹی وی نے طیارہ بردار بحری جہاز یو ایس ایس جیرالڈ آر فورڈ میں آگ لگنے کے بعد ہونے والے نقصان کی نئی ویڈیو جاری کی جس میں دیکھا جاسکتا ہے کہ جہاز میں لگنے والی آگ ابتدائی دعوؤں سے زیادہ تباہ کن نکلی۔ سی این این کی جانب سے جاری خصوصی ویڈیو میں دیکھا جاسکتا ہے کہ آگ سے فوجیوں کے رہائشی بنکرز مکمل تباہ ہو گئے تھے۔ اس حوالے سے جہاز پر سوار ایک سیلر نے امریکی ٹی وی کو بتایا کہ آگ لگنے کے بعد ہمیں لگا کہ جہاز غرق ہو جائے گا۔ دوسری جانب امریکی ٹی وی نے اپنی رپورٹ میں بتایا کہ جنگی جہاز کی مرمت پر کم از کم ایک سال لگے گا۔ کویت انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر ڈرون حملے کی سرویلنس ویڈیو جاری واضح رہے کہ مارچ میں ایران سے جنگ کے دوران یو ایس ایس جیرالڈ آر فورڈ میں آگ لگنے کے بعد امریکی بحریہ نے کہا تھا کہ آگ سے زخمی ہونے والے دو اہلکاروں کو طبی امداد دی گئی جب کہ جہاز مکمل آپریشنل ہے۔

# جرمنی میں بورڈنگ کے دوران نوز گیئر گرنے سے نیا بوئنگ طیارہ زمین بوس، کئی افراد زخمی

برلن، 5 جون (یو این آئی) جرمنی کے فرینکفرٹ ایئرپورٹ پر مسافروں کی بورڈنگ کے دوران اچانک نوز گیئر گرنے سے نیا بوئنگ طیارہ دھڑام سے زمین بوس ہوگیا۔ بوئنگ 787-9 طیارے نے 5 ماہ قبل لفتھانسا ایئر میں شمولیت کے بعد جنوری میں پہلی پرواز کی تھی۔ جمعرات کو فرینکفرٹ ایئرپورٹ کے برج اے 15 پر لاس اینجلس کی پرواز LH-450 کی بورڈنگ کے لیے موجود تھا۔ حادثے کے وقت صرف عملے کے ارکان اور زمینی عملہ سوار تھا۔ لفتھانسا ایئر کے ترجمان کے مطابق متعدد افراد کو معمولی چوٹیں آئیں، کیبن کریو کے دو ارکان اور گراؤنڈ ہینڈلنگ فراہم کرنے والوں کے متعدد ملازمین کو تشخیص اور علاج کے لیے اسپتال لے جایا گیا۔

# زیلنسکی نے پوتن کو جنگ ختم کرنے اور ملاقات کی پیشکش کردی

کیف، 5 جون، (یو این آئی) یوکرین کے صدر ولودیمیر زیلنسکی نے روسی صدر ولادیمیر پوتن سے جنگ کے خاتمے کا مطالبہ کرتے ہوئے دوطرفہ ملاقات کی پیشکش کی ہے۔ خبر رساں اداروں کے مطابق مسٹر زیلنسکی نے روسی صدر کو ایک خط ارسال کیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ لڑائی بہت ہو چکی ہے اور اب جنگ کے مستقبل کا فیصلہ روس کو کرنا ہوگا۔ خط میں کہا گیا کہ یوکرین مذاکرات کے دوران جنگ بندی کیلئے تیار ہے، تاہم اگر روس جنگ بندی پر آمادہ نہیں ہوتا تو یوکرین اپنی دفاعی جنگ جاری رکھنے کیلئے بھی تیار ہے۔ مسٹر زیلنسکی نے اپنے پیغام میں دعویٰ کیا کہ روسی افواج رواں سال ڈونیٹسک کے پورے علاقے پر قبضہ حاصل نہیں کرسکیں گی۔ دوسری جانب کریملن کے ترجمان نے کہا ہے کہ مسٹر زیلنسکی کا خط ابھی صدر پوتن کے سامنے پیش نہیں کیا گیا، تاہم اگر وہ چاہیں تو ماسکو آ کر روسی صدر سے ملاقات کر سکتے ہیں۔ واضح رہے کہ حالیہ عرصے میں روس نے یوکرین کے تقریباً 2440 مربع کلومیٹر علاقے پر قبضے کا دعویٰ کیا ہے اور مختلف محاذوں پر پیش قدمی جاری رکھی ہوئی ہے۔

# آئی اے ای اے ایران کی بیشتر جوہری تنصیبات تک رسائی سے محروم

ویانا، 5 جون، (یو این آئی) بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی نے کہا ہے کہ وہ بوشہر نیوکلیئر پاور پلانٹ کے علاوہ ایران کی بیشتر جوہری تنصیبات تک رسائی حاصل کرنے سے اب بھی قاصر ہے، جس کے باعث جوہری سرگرمیوں کی نگرانی اور ان کی مکمل تصدیق کرنے کی اس کی صلاحیت محدود ہو گئی ہے۔

فرانسیسی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق آئی اے ای اے نے کہا ہے کہ اسے ایران میں غیر اعلانیہ جوہری سرگرمیوں اور جوہری مواد کے ممکنہ وجود کے بارے میں شدید خدشات لاحق ہیں۔

ایجنسی کے مطابق ایران کے جوہری پروگرام سے وابستہ بعض مقامات اور سرگرمیوں کے بارے میں معلومات میں مسلسل خلا موجود ہے، جس سے نگرانی کا عمل متاثر ہو رہا ہے۔

آئی اے ای اے نے مزید کہا کہ معائنے اور جوہری تنصیبات تک رسائی پر عائد پابندیوں کے باعث وہ ایران کے پاس موجود اعلیٰ افزودہ یورینیم کے ذخیرے کی مقدار اور مقام کی تصدیق کرنے سے قاصر ہے، جس پر اسے بڑھتی ہوئی تشویش ہے۔

رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اگرچہ ایران کی جوہری تنصیبات پر فوجی حملوں نے ایک غیر معمولی صورت حال پیدا کی ہے، تاہم ایجنسی کے نزدیک ایران میں تصدیقی سرگرمیوں کی فوری بحالی انتہائی اہمیت رکھتی ہے۔

آئی اے ای اے نے یاد دلایا کہ گزشتہ چند برسوں کے دوران تعاون میں کمی اور معائنہ کاروں کی رسائی پر پابندیوں کے باعث ایرانی جوہری پروگرام کی نگرانی کی اس کی صلاحیت میں نمایاں کمی آئی ہے۔

ایجنسی کے مطابق افزودہ یورینیم کے ذخائر کی تصدیق کا معاملہ اب بھی تہران اور آئی اے ای اے کے درمیان سب سے اہم حل طلب مسائل میں شامل ہے، کیونکہ ذخائر کی اصل مقدار اور مقام کے بارے میں غیر یقینی صورتحال ایرانی جوہری سرگرمیوں کا درست جائزہ لینے میں رکاوٹ بن رہی ہے۔ یہ پیش رفت ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب ایران کے جوہری پروگرام سے متعلق سفارتی کوششیں جاری ہیں اور مغربی ممالک ایران سے شفافیت بڑھانے اور بین الاقوامی معائنہ کاروں کے ساتھ مکمل تعاون کا مطالبہ کر رہے ہیں، جبکہ ایران مسلسل مؤقف اختیار کیے ہوئے ہے کہ اس کا جوہری پروگرام پرامن مقاصد کے لیے ہے۔

# سعودی عرب میں دنیا کی بلندترین عمارت نے دوران تعمیر منفرد اعزاز حاصل کرلیا

جدہ، 5 جون (یو این آئی) سعودی عرب میں دنیا کی نئی بلندترین عمارت تعمیر کی جا رہی ہے جو اب مکمل ہونے کے قریب پہنچ گئی ہے۔

سعودی عرب کے ساحلی شہر میں تعمیر ہونے والی مستقبل میں دنیا کی بلندترین عمارت جے ای سی ٹاور کی 102 منزلیں مکمل ہو چکی ہیں اور یہ منصوبہ تیزی سے اپنے اونچائی ایک کلومیٹر 0.62) میل) سے بھی زائد کی جانب تیزی سے گامزن ہے۔ زیر تعمیر عمارت جے ای سی ٹاور 100 منزلوں کی تکمیل کے بعد دنیا کی ان 25 بلند عمارتوں میں شامل ہوگئی ہے، جن کی 100 یا اس سے زائد منزلیں ہیں جب کہ کئی سنگ میل اس عمارت نے ابھی عبور کرنے ہیں۔

عمارت کے آرکیٹیکٹس ایڈرین سمتھ اور گورڈن گل نے حال ہی میں تصدیق کی ہے کہ یہ کم از کم 157 منزلوں پر مشتمل ہوگا۔ یہ عمارت اپنی تکمیل کے بعد دنیا کی سب سے اونچی عمارت، برج خلیفہ (دبئی) جس کی بلندی 2712 فٹ یا 828 میٹر سے اس سے نمایاں طور پر اونچی ہو کر دنیا کی سب سے بلندترین عمارت کا اعزاز حاصل کرلے گی۔

دوسری جانب یہ امریکہ کی فلک بوس عمارت ون ورلڈ ٹریڈ سینٹر 1776 فٹ یا 514 میٹر سے تقریباً دوگنا اونچی ہوگی۔ اس منصوبے کو عملی جامہ پہنانے والی انجینئرنگ فرم Thornton Tomasetti کا کہنا ہے کہ عمارت کو بغیر کالم، آؤٹ ٹریگرز، فرش بیم، اسپینڈرل بیم، اور عمودی منتقلی کے، خاص طور پر اس لیے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ اسے تیزی سے اور موثر طریقے سے تعمیر کیا جائے، تمام دیواریں آپس میں جڑی ہوئی ہیں اور ہر ساختی عنصر ہوا اور کشش ثقل دونوں کے بوجھ کے خلاف مزاحمت کرتا ہے۔

عمارت کے نیچے، ایک ایسا نظام پایا جاتا ہے جو بڑے پیمانے پر وزن کو سپورٹ کرتا ہے۔ 5 میٹر یا 16.4 فٹ موٹی بیڑا فاؤنڈیشن 270 بورڈ ڈھیروں پر مشتمل ہے اور ہر ایک کا قطر 1.8 میٹر یا 5.10 فٹ ہے، جو 105 میٹر یا 344 فٹ گہرائی تک جاتا ہے۔ پہلے جدہ کی پہچان کنگڈم یا جدہ ٹاور تھا تاہم JEC ٹاور دنیا میں ہلچل مچانے والا ہے۔ اس عمارت پر تعیش ہوٹل، دفاتر اور محلاتی اپارٹمنٹس ہوں گے۔

# ایرانی سپریم لیڈر سے ملاقات باعث اعزاز ہوگی: صدر ٹرمپ

واشنگٹن، 5 جون (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ معاہدہ ہو جائے تو ہوسکتا ہے کہ ایرانی سپریم لیڈر سے ملاقات ہو جائے۔

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اوول آفس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں ایرانی سپریم لیڈر سے ملنا نہیں چاہتا لیکن ان سے ملاقات میں مجھے کوئی مسئلہ بھی نہیں۔ اگر ملاقات ہوئی تو اعزاز کی بات ہوگی۔

صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے ساتھ اگر معاہدہ طے پاتا ہے تو مجتبیٰ خامنہ ای سے ملاقات ممکن ہے اور بہتر بھی یہی ہوگا کہ ڈیل ہونے کے بعد ایرانی سپریم لیڈر سے ملاقات ہو۔ انہوں نے کہا کہ میں ایران کو ایٹمی ہتھیار رکھنے کی اجازت نہیں دے سکتا، سبھی اتفاق کرتے ہیں کہ ایران کے پاس ایٹمی ہتھیار نہیں ہونے چاہئیں۔ بغیر کسی ڈیل کے بھی ایرانی یورینیم حاصل کیا جا سکتا ہے۔ ہم اسے ابھی حاصل کر سکتے ہیں اور مجھے نہیں لگتا کہ وہ ہمیں روک سکتے ہیں۔ ہم فوجی طاقت یا معاہدے کے ذریعے جیتیں گے۔

امریکی صدر نے مزید کہا کہ ہمارے پاس دنیا کی طاقتور ترین فوج ہے، ہمیں نیٹو کی ضرورت نہیں۔ ہم نے ایران کی بحریہ اور فضائیہ کو ختم کر دیا۔ اس کے تمام 159 جہاز سمندر کی تہہ میں ہیں۔ اب ایران کے پاس نہ کوئی لیڈر شپ ہے اور نہ ہی فوجی جنرلز ہیں۔

ٹرمپ نے ایک بار پھر میڈیا پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ ایران میں جو کچھ ختم کر سکتے ہیں کر دیا، لیکن فیک نیوز جھوٹ بولتی ہے۔ ایران جنگ سے متعلق فیک نیوز کی خبروں کو دیکھیں تو حیران ہوتے ہیں۔ فیک نیوز کو ایران کے سمندر کی تہہ میں موجود جہازوں کو دیکھنا چاہیے۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ ایران کے ساتھ معاہدے کے نکات جلد سامنے آ جائیں گے۔ معاہدے کے اہم ترین نکات یہ ہیں کہ آبنائے ہرمز کو فوری طور پر کھول دیا جائے گا۔ ہم خلا سے ایرانی جوہری مقامات کی نگرانی کر رہے ہیں، جو بھی ایرانی جوہری مقامات کے قریب پہنچے گا ہم اس سے نمٹیں گے۔

ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ہم نے قومی سلامتی کے معاملے پر اہم کام کیے ہیں۔ میں نے 8 جنگیں رکوائیں، اور مزید جنگیں بھی رکواؤں گا۔ مجھے نیشنل سیکیورٹی کا تجربہ ہے، ایک اور جنگ بھی روکنے جا رہا ہوں۔ یہ بہت اچھا ہوگا اگر یوکرین اور روس کے صدر ملاقات کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ مجھے یقین ہے لبنان میں امن ہو جائے گا، اس سے متعلق نیتن یاہو اور حزب اللہ سے بات ہوئی ہے۔ لیکن اگر ایران ہمارے فوجیوں کو قتل کرے گا تو یہ جنگ کی طرف واپسی کی وجہ ہو سکتی ہے۔

صدر ٹرمپ نے ہندوستان پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ بھارت نے امریکا سے بہت فائدہ اٹھایا اور اس کے ذمہ دار بھی ہم خود ہیں، کیونکہ امریکا میں بے وقوف لوگ بیٹھے تھے، جس کی وجہ سے بھارت نے فائدہ اٹھایا۔ بھارت نے بہت ٹیرف لگائے اور یہاں کچھ بنایا بھی نہیں۔

# وزیراعظم کیئر اسٹارمر کا ایلون مسک پر برطانیہ میں تقسیم کو ہوا دینے کا الزام

لندن، 5 جون، (یو این آئی) برطانوی وزیراعظم کیئر اسٹارمر نے ٹیکنالوجی کے شعبے کے ارب پتی کاروباری شخصیت ایلون مسک پر برطانیہ میں تقسیم کو ہوا دینے کا الزام عائد کیا ہے۔ کیئر اسٹارمر نے کہا کہ ایلون مسک گزشتہ چند روز سے برطانوی سیاست میں مداخلت کی کوشش کر رہے ہیں اور ان کے بیانات معاشرتی تقسیم کو بڑھاوا دے رہے ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ہینری نوواک کے قتل کے بعد ایلون مسک برطانیہ میں اختلافات اور تقسیم کو مزید ہوا دینے کی کوشش کر رہے ہیں۔ دوسری جانب وزیراعظم کی مقتول ہینری نوواک کے اہل خانہ سے بھی ملاقات ہوئی۔ اس موقع پر کیئر اسٹارمر نے کہا کہ ہینری نوواک ایسی میراث کے مستحق ہیں جو اس المناک سانحے کے بعد بھی طویل عرصے تک یاد رکھی جائے۔ اس سے قبل بھی کیئر اسٹارمر نے برطانوی رکن پارلیمان جیس اساتو کی حمایت کی تھی، جنہوں نے ایلون مسک کے مصنوعی ذہانت پر مبنی چیٹ بوٹ کے خلاف قانونی کارروائی شروع کی تھی۔ حالیہ بیانات کے بعد برطانیہ میں سیاسی حلقوں اور سوشل میڈیا پر اس معاملے پر بحث میں مزید شدت آنے کا امکان ظاہر کیا جا رہا ہے۔

# آسنسول کارپوریشن گودام کا اچانک معائنہ میں لاپروائی کا پردہ فاش، وزیر اگنی مترا پال کی رپورٹ طلب









آسنسول: 5رجون، (عوامی نیوز سروس): مغربی بنگال حکومت کے شہری ترقی کے وزیر اگنی مترا پال نے آج آسنسول کے کالی پہاڑی علاقے میں واقع آسنسول میونسپل کارپوریشن کے ایک گودام کا اچانک دورہ کیا دورے کے دوران انہوں نے گودام کے زمینی حقائق کا معائنہ کیا اور وہاں موجود عہدیداروں سے تفصیلی بات چیت کی۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے وزیر اگنی مترا پال نے کہا کہ معائنہ کے دوران اہم بے ضابطگیاں پائی گئیں کوڑے کی گاڑیاں، پانی کے چھڑکاؤ، اور صفائی کے کارکنوں کے زیر استعمال دیگر ضروری سامان بڑی مقدار میں ذخیرہ کیا گیا تھا لیکن انہیں کبھی بھی کارکنوں تک نہیں پہنچایا گیا انہوں نے سختی سے کہا کہ ان اہم سامان کے ذخیرہ کرنے کی وجہ سے صفائی کے کارکن گزشتہ 15 سالوں سے انتہائی مشکل اور نامساعد حالات میں کام کرنے پر مجبور ہیں تاہم نئی حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد ایسی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اطلاع کے مطابق معاملے کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے شہری ترقیات کے وزیر نے عہدیداروں کو گودام میں محفوظ تمام اشیاء کی تفصیلی فہرست تیار کرنے کی سختی سے ہدایت دی ہے اور کہا ہے کہ انہیں یہ فہرست آج شام تک موصول ہوجائے اس کے بعد وہ آسنسول میونسپل کارپوریشن سے اس بات کا تعین کرنے کے لیے بات کرے گی کہ یہ اشیاء صفائی کارکنوں تک کیوں نہیں پہنچی ہیں وزیر پال نے اس بات پر گہری حیرت اور غصے کا اظہار کیا کہ میونسپل کارپوریشن باقاعدگی سے ٹینڈر جاری کررہی ہے لیکن ٹینڈر کے ذریعے جمع کی گئی تمام اشیاء کی تقسیم نہیں کی جارہی ہے انہوں نے واضح کیا کہ وہ اس افراتفری کی وجہ کی مکمل تحقیقات کریں گی تاکہ ذمہ داروں کے خلاف مناسب کارروائی کی جاسکے اور صفائی کے کارکنوں کو ان کے جائز حقوق مل سکیں۔

# قومی شاہراہ پر خوفناک تصادم کے بعد ڈمپر میں آتشزدگی، ڈرائیور جاں بحق

آسنسول: 5رجون، (عوامی نیوز سروس): صبح نیشنل ہائی وے 19 پر ایک خوفناک سڑک حادثے میں کوئلے سے لدے ڈمپر ٹرک کے ڈرائیور کی المناک موت ہوگئی یہ حادثہ آسنسول سے جھارکھنڈ جانے والے راستے پر میلا کولا موڑ کے قریب پیش آیا جہاں ایک ڈمپر اور ٹریلر آپس میں ٹکرا گئے، جس سے ڈمپر میں آگ لگ گئی۔ واقعے سے علاقے میں کچھ دیر کے لیے خوف وہراس پھیل گیا۔ اطلاعات کے مطابق دونوں ہیوی گاڑیاں جھارکھنڈ کی طرف جا رہی تھیں معروف ٹریلر الیکٹرک ٹرانسفارمر لے کر جارہا تھا جب کہ پیچھے آنے والا ڈمپر کوئلہ لے جارہا تھا۔ ابتدائی معلومات کے مطابق ڈمپر ٹریلر کے پچھلے حصے سے ٹکرا گیا۔ ٹکر اتنی شدید تھی کہ ڈمپر کے اگلے حصے کو شدید نقصان پہنچا اور لمحوں میں آگ لگ گئی۔ عینی شاہدین کے مطابق حادثے کے وقت ڈمپر ڈرائیور کیبن کے اندر پھنس گیا تھا۔ ٹکر سے گاڑی کا اگلا حصہ تباہ ہونے کی وجہ سے وہ فرار ہونے میں ناکام رہا آگ تیزی سے پھیل گئی جس سے امدادی کارروائیاں شروع ہونے سے پہلے ہی صورتحال تشویشناک ہوگئی۔ مقامی لوگوں نے ابتدائی مدد فراہم کرنے کی کوشش کی تاہم آگ کی شدت نے ڈرائیور تک پہنچنے سے روک دیا۔ واقعہ کی اطلاع ملنے پر پولیس اور نیشنل ہائی وے اتھارٹی آف انڈیا (NHAI) اور فائر ڈپارٹمنٹ کی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی۔ فائر فائٹرز نے کافی کوشش کے بعد آگ پر قابو پالیا۔ آسنسول فائر ڈپارٹمنٹ کے حکام کے مطابق آگ بجھانے کے لیے خصوصی احتیاط برتی گئی کیونکہ گاڑی میں آتش گیر مواد اور کوئلہ موجود تھا۔ آگ پر قابو پانے کے بعد ڈرائیور کو گاڑی سے باہر نکالا گیا تاہم وہ پہلے ہی دم توڑ چکا تھا۔ پولیس نے لاش کو تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا۔ اس کے علاوہ حادثے کی وجوہات کی تحقیقات شروع کردی گئی ہیں حکام کا کہنا ہے کہ حادثہ کن حالات میں پیش آیا اس بارے میں تفصیلی معلومات اکٹھی کی جارہی ہیں۔ ڈرائیوروں، عینی شاہدین اور متعلقہ فریقین سے بھی پوچھ گچھ کی جارہی ہے۔ حادثے کی وجہ سے قومی شاہراہ پر ٹریفک کچھ دیر کے لیے متاثر رہی۔ پولیس نے حادثے کا شکار ہونے والی گاڑیوں اور تباہ شدہ پرزوں کو ہٹانے کے بعد ٹریفک کو معمول پر بحال کردیا۔ اس دوران روٹ پر گاڑیوں کی لمبی قطاریں بھی دیکھی گئیں۔

☆

# پاناگڑھ ایئر فورس اسٹیشن کے قریب سی سی ٹی وی کیمرے لگانے کے الزام میں گیراج مالک سمیت 2 گرفتار

آسنسول: 5رجون، (عوامی نیوز سروس): پولس نے پچھم بردوان ضلع کے پاناگڑھ ایئر فورس اسٹیشن کی سیکورٹی سے جڑے ایک سنگین معاملے میں دو لوگوں کو گرفتار کیا ہے اطلاع کے مطابق الزام یہ ہے کہ ایئر فورس اسٹیشن سے صرف 10 میٹر کے فاصلے پر ایک لمبے پائپ پر نصب ایک سی سی ٹی وی کیمرہ کئی مہینوں سے ایئر بیس کے اندر ہونے والی سرگرمیوں کی ریکارڈنگ کررہا تھا۔ فضائیہ کے اہلکاروں نے کچھ دن پہلے اس کیمرے کو دیکھا۔ تحقیقات سے معلوم ہوا کہ کیمرہ 360 ڈگری گھومنے کی صلاحیت رکھتا تھا اور ایئر بیس کے اندرونی اور مرکزی دروازے کی تصاویر کھینچ رہا تھا اس کے بعد ایئر فورس انتظامیہ نے کانکسا پولیس اسٹیشن میں شکایت درج کرائی شکایت کی بنیاد پر پولیس نے کیمرہ قبضے میں لے لیا اور تکنیکی جانچ کی نتائج کی بنیاد پر، پولیس نے گیراج کے مالک منا پنڈت اور کیمرہ لگانے والے سندیپ دوبے کو گرفتار کرلیا دونوں پاناگڑھ علاقے کے رہنے والے ہیں گرفتار ملزمان کو پولیس کی تحویل میں لے لیا گیا بتایا جاتا ہے کہ کیس کی سنگینی کو دیکھتے ہوئے آسنسول-درگاپور پولیس کمشنریٹ کے کمشنر ڈاکٹر پرناو کمار نے ذاتی طور پر کانکسا پولیس اسٹیشن کا دورہ کیا انہوں نے ملزم سے پوچھ گچھ کی اور سی سی ٹی وی فوٹیج کا جائزہ لیا پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے کی تفصیلی تفتیش جاری ہے، ابھی تک مکمل حقیقت سامنے نہیں آئی۔ دونوں ملزمان سے پوچھ گچھ کرکے یہ جاننے کی کوشش کی جارہی ہے کہ کیمرہ لگانے کا مقصد اور کیا کوئی بڑا نیٹ ورک ملوث تھا۔ قابل ذکر ہے کہ اس سے قبل بھی قومی سلامتی کے اہلکاروں نے پاناگڑھ اور کنکسا علاقوں سے کارروائی کی تھی کنکسا کے علاقے سے قومی سلامتی سے متعلق مقدمات میں گرفتاریاں کی گئی ہیں اسی وجہ سے فوجی لحاظ سے اہم پاناگڑھ علاقے میں اس طرح کے واقعات پولیس اور سیکورٹی ایجنسیوں کے لیے پریشانی کا باعث بن گئے ہیں۔

# ہیلمٹ کی چیکنگ کے ساتھ ٹریفک قوانین پر خصوصی زور

آسنسول: 5رجون، (عوامی نیوز سروس): سڑک کی حفاظت کو ترجیح دیتے ہوئے، انڈال ٹریفک پولیس نے ایک جامع بیداری اور نفاذ کی مہم شروع کی۔ انڈال کے ٹاپ لائن ایریا سمیت مختلف بڑی سڑکوں پر چلائی گئی اس خصوصی مہم کے دوران ٹریفک قوانین کی پاسداری کے لیے چیک کیا گیا اور ڈرائیوروں کو محفوظ سفر کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا محکمہ ٹریفک کے سینئر افسران نے اس مہم کی قیادت کی مہم کے دوران دو پہیہ گاڑیوں کی خصوصی چیکنگ کی گئی۔ ٹریفک اہلکاروں نے مختلف مقامات پر گاڑیوں کو روک کر ہیلمٹ کے استعمال، گاڑیوں کے کاغذات اور دیگر ضروری حفاظتی معیارات کو چیک کیا ان قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے ڈرائیوروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی گئی انہیں روڈ سیفٹی کی اہمیت سے بھی آگاہ کیا گیا۔ ٹریفک حکام کا کہنا ہے کہ سر کی چوٹیں سڑک کے حادثات میں سنگین چوٹوں اور اموات کی ایک بڑی وجہ ہیں اس لیے ہیلمٹ کا استعمال نہ صرف ایک قانونی ذمہ داری ہے بلکہ زندگی کی حفاظت کا ایک اہم ذریعہ بھی ہے۔ عہدیداروں نے دو پہیہ گاڑیوں کے ڈرائیوروں اور ڈبل سواروں کو ہیلمٹ پہننے کی ضرورت پر زور دیا۔ مہم کے دوران کئی ڈرائیوروں کو ٹریفک قوانین کے حوالے سے ضروری معلومات بھی فراہم کی گئیں۔ پولیس افسران نے عوام کو آگاہ کیا کہ احتیاط، تحمل اور سڑک کے قوانین پر عمل کرکے حادثات کے امکانات کو نمایاں طور پر کم کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک قوانین شہریوں کی حفاظت کے لیے بنائے گئے ہیں اور ان پر عمل کرنا ہر ایک کی ذمہ داری ہے محکمہ ٹریفک کے حکام نے واضح کیا کہ روڈ سیفٹی مہم مستقبل میں بھی جاری رہے گی۔ خلاف ورزیوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی اور وقفے وقفے سے انسپکشن مہم چلائی جائے گی انہوں نے کہا کہ بیداری اور سختی سے نفاذ دونوں کے ذریعے سڑک حادثات کو کم کیا جاسکتا ہے۔

# ضلع اسپتال میں لاپروائی ناقابل برداشت: اگنی مترا

آسنسول: 5رجون، (عوامی نیوز سروس): مغربی بنگال حکومت کے ایک وزیر اور آسنسول جنوبی بی جے پی ایم ایل اے اگنی مترا پال نے آسنسول ضلع اسپتال میں روگی کلیان سمیتی کے عہدیداروں کے ساتھ صحت خدمات کے سلسلے میں جائزہ میٹنگ کی اجلاس کے بعد ہسپتال انتظامیہ، ڈاکٹروں اور عملے کو غفلت، لاپرواہی اور مریضوں کے ساتھ ناروا سلوک پر سخت وارننگ جاری کی گئی اگنی مترا نے کہا کہ اگر مریضوں یا ان کے اہل خانہ کو کسی قسم کی تکلیف یا بدسلوکی کا سامنا کرنا پڑتا ہے تو انہیں اپنے نام سمیت شکایت درج کرانی چاہیے اس مقصد کے لیے سوشل میڈیا نمبر جاری کیا جائے گا، اور قصوروار پائے جانے والوں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہسپتالوں میں بائیومیٹرک حاضری کافی نہیں ہے تمام ملازمین کو وقت کی پابندی اور جوابدہی کو یقینی بنانا چاہیے۔ صفائی، سیکورٹی، اور انفراسٹرکچر کو بہتر بنانے کے لیے ہدایات بھی درکار ہیں وزیر نے ہسپتال کے احاطے میں گندگی، ناقص باتھ رومز، آوارہ جانوروں کی موجودگی اور ٹوٹو ڈرائیوروں کی بدنظمی پر برہمی کا اظہار کیا انہوں نے صفائی کے نظام کو مضبوط بنانے، عمارتوں کو سفید کرنے اور سیکورٹی بڑھانے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ریمپ کی کمی کو بھی ایک سنگین مسئلہ قرار دیا اور ہنگامی حالات میں مریضوں کے محفوظ انخلاء کے لیے انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانے پر زور دیا۔ وزیر نے کہا کہ ڈاکٹروں اور ہیلتھ ورکرز کی کمی کو پورا کرنے کے لیے محکمہ صحت سے بات چیت کی جائے گی انہوں نے کچھ ڈاکٹروں کی محدود حاضری اور پرائیویٹ پریکٹس پر بھی سوال اٹھایا، یہ کہتے ہوئے کہ این پی اے لینے والے ڈاکٹروں کو پوری لگن کے ساتھ خدمات فراہم کرنی چاہئیں۔

# عالمی یوم ماحولیات تقریب کے دوران بھگوا ایم ایل اے اور ترنمول لیڈران ایک ساتھ رونق اسٹیج



آسنسول: 5رجون، (عوامی نیوز سروس): جہاں مغربی بنگال کی سیاست اکثر بی جے پی اور ترنمول کانگریس کے درمیان تلخ سیاسی لڑائی میں الجھی رہتی ہے، وہیں عالمی یوم ماحولیات کے موقع پر آسنسول میونسپل کارپوریشن میں ایک مختلف تصویر سامنے آئی کارپوریشن کے احاطے میں منعقدہ ایک تقریب میں BJP ایم ایل اے کرشنیندو مکھرجی اور TMC کے کئی نمائندے ایک ہی اسٹیج پر ایک ساتھ نظر آئے۔ پروگرام میں بی جے پی ایم ایل اے کرشنیندو مکھرجی، آسنسول کے ترنمول میئر بیدھان اپادھیائے، ڈپٹی میئر سید وسیم الحق، ڈپٹی میئر ابھیجیت گھٹک، کارپوریشن کے چیئرمین امرناتھ چٹرجی اور بورڈ کے چیئرمین انیل سنہا سمیت کئی معززین ایک اسٹیج پر ایک ساتھ موجود تھے سب نے ماحولیات کے تحفظ کا پیغام دیتے ہوئے "ماں کے نام ایک درخت" مہم کے تحت لوگوں میں پودے تقسیم کیے۔ سیاسی اختلافات سے اوپر اٹھ کر ماحول کو بچانے کے لیے متحد ہونے والے رہنماؤں کی یہ تصویر لوگوں میں موضوع بحث بن گئی۔ تقریب کے دوران سب نے زیادہ سے زیادہ درخت لگانے اور ماحولیات کے تحفظ کا عہد کیا۔

# کونسلر کا شوہر فوجداری مقدمہ میں گرفتار

آسنسول: 5ر جون، (عوامی نیوز سروس): جموڑیہ پولیس نے 43 سالہ سیتارام روئیداس ایک مجرمانہ معاملے میں ایک ملزم کو گرفتار کیا اور اسے آسنسول چیف جوڈیشل مجسٹریٹ (سی جے ایم) کی عدالت میں پیش کیا۔ ملزم سیتارام روئیداس جموڑیہ تھانہ علاقہ کے روداس پاڑا کا رہنے والا ہے اور وارڈ 5 کی کونسلر وندنا روئیداس کا شوہر ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق ملزم کے خلاف جموڑیہ پولیس اسٹیشن کیس نمبر 178**/26، مورخہ 17 مئی 2026 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ ان پر انڈین پینل کوڈ (آئی پی سی) کی مختلف سنگین دفعات کے تحت فسادات، غیر قانونی اجتماع، حملہ، شدید چوٹ پہنچانے، قتل کی کوشش، املاک کو نقصان پہنچانے، دھمکیاں دینے اور اجتماعی عصمت دری کے لیے مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ پولیس نے ملزم کو سخت سیکیورٹی میں عدالت میں پیش کیا۔ جموڑیہ پولیس اسٹیشن کے ایک سب انسپکٹر نے، جو کیس کی تفتیش کررہے تھے، عدالت میں چالان پیش کیا۔ ملزمان کو عدالت میں پیش کرنے کے لیے پولیس کے خصوصی دستے کا انتظام کیا گیا تھا ادھر مقامی سیاسی حلقوں میں ملزمان کی گرفتاری پر کہرام مچ گیا ہے۔ تاہم، مزید تفصیلات جاری نہیں کی جارہی ہیں، یہ کہتے ہوئے کہ اس معاملے میں پولیس کی تفتیش جاری ہے۔ عدالت میں پیشی کے بعد عدالت کی ہدایت کے مطابق مزید قانونی کارروائی کی جائے گی۔ پولیس حکام کے مطابق کیس کی تمام پہلوؤں سے تفتیش کی جارہی ہے اور شواہد کی بنیاد پر مزید کارروائی کی جائے گی۔

# آہ! استادالحفاظ حافظ محمد شرف الدین اشرفی، خطیب سنی جامع مسجد مرولیا کا انتقال

آسنسول: 5رجون، (عوامی نیوز سروس): خاک ہوکر عشق میں آرام سے سونا ملا، جان کی اکسیر ہے الفت رسول اللہ کی۔ احباب اہلسنت وفدایان ملت کو بڑے ہی افسوس کے ساتھ یہ جانکاہ خبر دی جارہی ہے کہ سنی جامع مسجد مرولیا کے سابق خطیب وامام اور دارلعلوم ضیاء الحبیب مرولیا ضلع پرولیا کے استاد حافظ وقاری محمد شرف الدین شرفی رحمتہ اللہ علیہ کا آج بتاریخ 5 مئی 2026 بروز جمعہ مبارکہ بوقت 10 بجے دن انتقال ہوگیا۔ اناللہ وانا الیہ راجعون! نماز جنازہ انکے آبائی وطن بھیمائن ضلع جموئی بہار مورخہ 6 مئی 2026 بروز سنیچر بوقت 8 بجے صبح ادا کی جائے گی۔ حضرت موصوف منکسر المزاج نہایت خلیق دیندار تھے اپنے ملنیوالوں کا مسکرا کر خیر مقدم کیا کرتے تھے۔ جید الحفاظ اور باوقار خطیب تھے تقریباً چالیس سال تک انھوں نے سنی جامع مسجد مرولیا میں امامت کے فرائض اور دارلعلوم ضیاء الحبیب میں 15 سال درس وتدریس کے فرائض انجام دیکر گویا انھوں نے اپنی پوری زندگی کا اکثر حصہ دین کی خدمات میں گزار دی خدا رحمت کند ایں پاک طینت را۔ آہ آج وہ ہمارے درمیان نہیں رہے مگر دین کی خدمات کی بدولت ہمیشہ یاد کیے جائیں گے۔ دعا ہے مولائے قادر وقیوم اپنے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل حضرت قاری صاحب کی مغفرت فرماکر جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین ومحبین کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین ثم آمین یارب العالمین۔

عرش پر دھومیں مچیں وہ مومن صالح ملا
فرش سے ماتم اٹھے وہ طیب وطاہر گیا

شریک غم قاری عبدالرحیم حبیبی مرولیا استاد دارلعلوم اہلسنت مخدوم العلوم سریپور، خادم اہلسنت محمد مبین احمد حبیبی نائب صدر آل انڈیا علماء ومشائخ بورڈ ضلع پچھم بردوان مغربی بنگال وخطیب اہلسنت مسجد کریم ڈنگال برن پور آسنسول بنگال۔

# غیر قانونی ریت اور کوئلہ سنڈیکیٹ چلانے کے الزام میں ترنمول کے زونل صدر گرفتار

آسنسول: 5رجون، (عوامی نیوز سروس): درگاپور گوگلا خطہ کے ترنمول کانگریس کے صدر گوتم گھوش کو فرید پور (لاؤدوہا) پولیس اسٹیشن نے گرفتار کیا ہے جس پر اجے ندی سے بڑے پیمانے پر غیر قانونی ریت کی کان کنی، کوئلے کی اسمگلنگ، سنڈیکیٹ کی سرگرمیوں اور علاقے میں دہشت پھیلانے کے سنگین الزامات ہیں گزشتہ رات اس ہائی پروفائل گرفتاری کے بعد، ملزم لیڈر کو درگاپور مجسٹریٹ کورٹ میں پیش کیا گیا، جہاں عدالت نے اسے پوچھ گچھ کے لیے پولیس ریمانڈ پر بھیجنے کا حکم دیا۔ بی جے پی کا پولیس اسٹیشن کے باہر احتجاج، اس وقت کشیدگی عروج پر جب فرید پور تھانے کی پولیس قانونی کارروائیاں پوری کر رہی تھی اور جب ملزم گوتم گھوش کو عدالت میں طبی معائنے کے بعد پولیس اسٹیشن سے باہر لے جایا جارہا تھا تو وہاں پہلے سے موجود بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے کارکنوں کی ایک بڑی تعداد نے اسے دیکھ کر پرتشدد احتجاج شروع کر دیا۔ مظاہرین نے ٹی ایم سی لیڈر کو گھیر لیا اور "چور، چور" کے نعرے لگائے۔ اس اچانک مظاہرے سے تھانے کے احاطے اور آس پاس کے علاقے میں کچھ دیر کے لیے تناؤ کا ماحول پیدا ہوگیا جسے موقع پر موجود پولیس فورس نے بڑی تدبیر سے نمٹا دیا۔ ذرائع اور مقامی شکایات کے مطابق، گوتم گھوش خطے میں ریت اور کوئلے کی غیر قانونی اسمگلنگ میں ملوث ایک انتہائی بااثر اور منظم نیٹ ورک کا ماسٹر مائنڈ تھا حکمراں جماعت کے زونل صدر ہونے کے ناطے انہیں انتظامی حمایت ملتی رہی، جس کی آڑ میں وہ برسوں سے اجے ندی کے مختلف گھاٹوں پر کام کر رہے تھے وہ غیر قانونی طور پر ریت اٹھا رہا تھا اور کوئلے کی غیر قانونی کان کنی کرکے اسمگل کررہا تھا اس کے علاوہ اس نے اپنا سیاسی اثرورسوخ استعمال کرتے ہوئے مقامی تاجروں اور ٹھیکیداروں سے سنڈیکیٹ کے نام پر رقم بٹوری۔ اپوزیشن جماعتوں کے کارکنوں پر جان لیوا حملے کرنے اور دھمکیاں دینے کے کئی سنگین مقدمات بھی درج کیے گئے ہیں۔ فرید پور پولیس اسٹیشن کے سرکاری ذرائع کے مطابق، یہ بڑی کارروائی مختلف تحریری شکایات، بھتہ خوری اور اسمگلنگ کی معلومات کی بنیاد پر طویل مدتی تفتیش کے بعد کی گئی پولیس نے عدالت سے ملزمان کا زیادہ سے زیادہ ریمانڈ حاصل کرلیا ہے تاکہ اسمگلنگ سنڈیکیٹ میں ملوث دیگر بااثر شخصیات بشمول مالی ذرائع اور ہتھیاروں کے نیٹ ورک کا پردہ فاش کیا جاسکے علاقے میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے پولیس کی اضافی نفری تعینات کردی گئی ہے۔

# سابق ایم ایل اے نریندر ناتھ چکرورتی کے دفتر میں سرکاری امدادی سامان کے غلط استعمال پر سیاسی ہنگامہ، بھاجپا کا احتجاج



آسنسول: 5رجون، (عوامی نیوز سروس): سرکاری امدادی سامان کے مبینہ غلط استعمال کو لے کر بنکولہ علاقے میں سیاسی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں پنڈیشور اسمبلی حلقے کے ترنمول کانگریس (ٹی ایم سی) کے سابق ایم ایل اے اور پچھم بردوان ضلع ترنمول صدر نریندر ناتھ چکرورتی کی رہائش گاہ کے قریب واقع ایک گودام سے مبینہ طور پر سرکاری ترپال اور دیگر امدادی سامان برآمد ہونے کے بعد سے علاقے میں سیاسی ماحول گرم ہے اطلاع کے مطابق جمعہ کے روز، بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے کارکنان گودام کے باہر جمع ہوئے اور اس معاملے کی غیر جانبدارانہ اور اعلیٰ سطحی تحقیقات کا مطالبہ کرتے ہوئے زبردست احتجاج کیا احتجاج کرنے والے بی جے پی لیڈروں اور کارکنوں کا الزام ہے کہ سرکاری سامان، جو غریبوں اور ضرورت مندوں کو بروقت پہنچایا جانا چاہیے تھا جان بوجھ کر اس گودام میں چھپا کر رکھا گیا تھا اپوزیشن نے اسے عوامی حقوق پر براہ راست حملہ اور سرکاری وسائل کا بے دریغ استعمال قرار دیا ہے بی جے پی کا یہ بھی کہنا ہے کہ یہ کوئی الگ تھلگ واقعہ نہیں ہے انتخابات کے بعد سے ضلع میں ترنمول کانگریس کے کئی دیگر رہنماؤں کے احاطے میں سرکاری سامان ملنے کے اسی طرح کے الزامات سامنے آئے ہیں اس پورے واقعہ نے علاقے میں سرکاری اسکیموں پر عمل آوری اور حکومت کے کام کاج پر سوالات کھڑے کردیئے ہیں سرکاری اسکیموں کے نفاذ اور ضروری ڈسٹری بیوشن سسٹم پر سنگین سوالات اٹھائے گئے ہیں۔ معاملے کی حساسیت اور علاقے میں بڑھتی ہوئی سیاسی کشیدگی کو دیکھتے ہوئے انتظامیہ نے فوری کارروائی کی ہے مقامی پولیس اور مرکزی سیکورٹی فورسز کی ایک بڑی تعداد کو گودام کے باہر اور آس پاس کے علاقوں میں تعینات کیا گیا ہے تاکہ امن و امان کو برقرار رکھا جاسکے دوسری طرف، فی الحال اس پورے تنازعہ پر ترنمول کانگریس کی طرف سے کوئی تبصرہ کوئی سرکاری وضاحت یا جواب سامنے نہیں آیا ہے مقامی انتظامیہ اور پولیس حکام کا کہنا ہے کہ گودام سے برآمد ہونے والے مواد کی مکمل تفتیش کی جارہی ہے تحقیقات مکمل ہونے کے بعد ہی یہ واضح ہوسکے گا کہ کیا برآمد شدہ سامان واقعی سرکاری امدادی فنڈ کا تھا اور اسے کس مقصد کے لیے وہاں رکھا گیا تھا دریں اثنا، بی جے پی نے دوٹوک انداز میں انتظامیہ کو خبردار کیا ہے کہ اگر اس معاملے میں ملوث افراد کے خلاف جلد از جلد سخت قانونی کارروائی نہیں کی گئی تو وہ آنے والے دنوں میں اپنے احتجاج میں شدت پیدا کریں گے۔

# پنچایت دفتر وقت پر نہیں کھلنے پر احتجاج

آسنسول: 5رجون، (عوامی نیوز سروس): صبح جموڑیہ اسمبلی حلقہ کے تحت آنے والے تاپشی گرام پنچایت دفتر کے باہر اس وقت کشیدہ صورتحال پیدا ہوگئی جب بھارتیہ جنتا پارٹی کے کارکنوں نے علامتی طور پر پنچایت دفتر کے مرکزی دروازے کو روک کر احتجاج شروع کیا بی جے پی کارکنوں نے یہ الزام لگاتے ہوئے یہ احتجاج شروع کیا کہ پنچایت دفتر وقت پر نہیں کھلتا اور عام شہریوں کو ضروری خدمات دستیاب نہیں ہیں مظاہرین کا الزام ہے کہ تپشی گرام پنچایت دفتر طویل عرصے سے حکومت کے مقرر کردہ ٹائم ٹیبل پر عمل نہیں کررہا ہے پنچایت دفتر وقت پر نہ کھلنے کی وجہ سے علاقے کے دیہاتیوں کو برتھ ڈیتھ سرٹیفکیٹ، ہاؤسنگ اسکیموں سے متعلق دستاویزات، سماجی تحفظ کی اسکیموں کے لیے درخواستیں، پینے کے پانی سے متعلق شکایات اور دیگر ترقیاتی کاموں میں مشکلات کا سامنا ہے مسئلہ حل کرنے میں کافی دشواری ہے۔ بی جے پی لیڈروں کا کہنا ہے کہ پنچایت انتظامیہ، پردھان اور متعلقہ حکام کو کئی بار تحریری اور زبانی طور پر اس مسئلہ سے آگاہ کیا گیا ہے، لیکن حالات میں کوئی بہتری نہیں آئی ہے۔ ان کا الزام ہے کہ پنچایت انتظامیہ کی بے حسی کی وجہ سے گاؤں والوں کا وقت اور پیسہ دونوں برباد ہورہے ہیں اس کی مخالفت میں پارٹی کارکنوں نے پنچایت دفتر کے سامنے احتجاجی دھرنا دیا اور بلاک کر دیا احتجاج کی خبر پھیلتے ہی مقامی لوگوں کی بڑی تعداد بھی پنچایت دفتر کے باہر جمع ہوگئی۔

# ترنمول کے دو نوجوان لیڈر جبراً وصولی اور ہراساں کرنے کے الزام میں گرفتار

آسنسول: 5رجون، (عوامی نیوز سروس): رانی گنج بی جے پی منڈل-1 کے ایک سرگرم کارکن کوشک مکھرجی کی شکایت کی بنیاد پر رانی گنج پولیس اسٹیشن نے ترنمول کانگریس کے دو نوجوان لیڈروں کو گرفتار کیا ان کی شناخت شبھو بھٹاچاریہ اور تیتاس بنرجی کے طور پر ہوئی ہے۔ شبھو ترنمول یوتھ کانگریس کے رانی گنج شہر کے صدر ہیں، اور تیتاس ترنمول چھاترا پریشد کے ضلعی لیڈر ہیں۔ دونوں کو گزشتہ رات گرفتار کیا گیا اور آسنسول ڈسٹرکٹ کورٹ میں پیش کیا گیا۔ کوشک مکھرجی نے الزام لگایا کہ 2021 کے ریاستی اسمبلی انتخابات میں ترنمول کی جیت کے بعد دونوں لیڈروں نے اپنے حامیوں کے ساتھ بی جے پی ممبران اور ان کے اہل خانہ پر مسلسل دباؤ ڈالا اور ہراساں کیا شکایت کے مطابق، بی جے پی کے حامیوں کو دھمکیاں دی گئیں، حملہ کیا گیا اور ان کی سیاسی سرگرمیوں میں رکاوٹ ڈالی گئی۔ اس طرح کے واقعات کافی عرصے سے جاری تھے۔ شکایت کنندہ کا دعویٰ ہے کہ پولیس اسٹیشن کے احاطے میں بھی اس پر حملہ کیا گیا انہوں نے یہ بھی الزام لگایا کہ انہیں مرکزی حکومت کے ذریعہ چلائی جارہی COVID-19 ویکسینیشن مہم تک رسائی میں رکاوٹوں کا سامنا کرنا پڑا۔ شکایت میں دونوں لیڈروں پر شہریوں سے پیسے بٹورنے انہیں دھمکیاں دینے، سرکاری اسکیموں کے فوائد سے محروم کرنے اور ترقیاتی کاموں میں رکاوٹ ڈالنے کا الزام لگایا گیا ہے بی جے پی کارکن کا دعویٰ ہے کہ پچھلی شکایات درج کرنے کے باوجود کوئی موثر کارروائی نہیں کی گئی ذرائع کا کہنا ہے کہ تفتیش جاری ہے ترنمول کانگریس کے کئی دیگر رہنماؤں کے خلاف بھی جبری وصولی اور ہراساں کرنے کی شکایات موصول ہوئی ہیں، جن کی جانچ کی جارہی ہے پولیس کا کہنا ہے کہ تحقیقات کے بعد ضروری قانونی کارروائی کی جائے گی۔

Aawami news Kolkata
Also published from Ranchi & Patna
Saturday, 6th June, 2026

روزنامہ عوامی نیوز کولکاتا
سنیچر، ۶ ؍جون ۲۰۲۶ء

SPORTS

کھیل کی دنیا

# فیفا ورلڈکپ 2026: رونالڈو، میسی، نیمار سمیت کن کھلاڑیوں کا آخری ورلڈکپ ہوسکتا ہے؟



5؍جون: فیفا ورلڈکپ 2026 جہاں دنیا کی بہترین ٹیموں کے درمیان ٹائٹل کی جنگ کا میدان بنے گا وہیں یہ عظیم فٹبالرز کے لیے عالمی اسٹیج پر آخری حاضری بھی ثابت ہوسکتا ہے۔ کرسٹیانو رونالڈو، لیونل میسی، نیمار، لوکا موڈرچ، محمد صلاح اور دیگر تجربہ کار ستارے ممکنہ طور پر اپنے کیریئر کا آخری ورلڈکپ کھیلنے جارہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ شائقین کی نظریں نہ صرف ٹورنامنٹ بلکہ ان لیجنڈری کھلاڑیوں کی آخری عالمی مہم پر بھی مرکوز ہیں۔ 41 سالہ پرتگالی اسٹار کرسٹیانو رونالڈو اپنے ریکارڈ چھٹے ورلڈکپ میں شرکت کرنے جارہے ہیں۔ رونالڈو نے رواں سیزن میں النصر کے لیے 37 میچز میں 30 گول اسکور کیے جبکہ پرتگال کے لیے ان کے مجموعی گولز کی تعداد 143 تک پہنچ چکی ہے۔

وہ اس ایونٹ میں 150 انٹرنیشنل گول کرنے والے پہلے کھلاڑی بننے کا اعزاز حاصل کرسکتے ہیں۔ رونالڈو کے شاندار کیریئر کے باجود وہ آج تک ورلڈکپ ٹرافی اٹھانے میں ناکام رہے ہیں۔

**لیونل میسی، ارجنٹینا:** 38 سالہ لیونل میسی بھی اپنے ریکارڈ چھٹے ورلڈکپ میں شرکت کریں گے اور دفاعی چیمپئن ارجنٹینا کی قیادت کریں گے۔ ارجنٹینا کے سب سے زیادہ گول کرنے والے اور سب سے زیادہ میچ کھیلنے والے کھلاڑی میسی کو ٹورنامنٹ سے قبل انجری مسائل کا سامنا رہا ہے، جس کے باعث ان کی مکمل فٹنس پر سوالات موجود ہیں۔ تاہم آٹھ مرتبہ بیلن ڈی اور جیتنے والے میسی اب بھی ارجنٹینا کی سب سے بڑی امید سمجھے جاتے ہیں۔

**لوکا موڈرچ، کروشیا:** 40 سالہ کروشین کپتان لوکا موڈرچ اپنے پانچویں ورلڈکپ میں میدان میں اتریں گے، جو ان کا آخری عالمی کپ بھی ہوسکتا ہے۔ موڈرچ نے 2018 میں کروشیا کو ورلڈ کپ فائنل تک پہنچانے اور 2022 میں تیسری پوزیشن حاصل کرنے میں اہم کردار ادا کیا تھا۔

**نیمار جونیئر، برازیل:** برازیل کی جانب سے سب سے زیادہ گول کرنے والے کھلاڑی نیمار 34 برس کی عمر میں ورلڈکپ کھیلنے جا رہے ہیں۔ ڈھائی سال بعد قومی ٹیم میں واپسی کرنے والے نیمار کو ماضی میں متعدد انجریز کا سامنا رہا ہے۔ اگرچہ وہ رونالڈو اور میسی سے کم عمر ہیں تاہم 2030 کے ورلڈ کپ تک ان کی عمر 38 برس ہو جائے گی اور ان کے کیریئر میں انجریز کو دیکھتے ہوئے 2026 کا ٹورنامنٹ ان کا آخری ورلڈکپ سمجھا جارہا ہے۔

**مینوئل نوئر، جرمنی:** جرمنی کے تجربہ کار گول کیپر مینوئل نوئر 40 سال کی عمر میں ریٹائرمنٹ سے واپسی کے بعد ورلڈکپ اسکواڈ کا حصہ بنے ہیں۔ نوئر اپنے کیریئر میں چار ورلڈکپ کھیل چکے ہیں اور 2014 میں جرمنی کی عالمی ٹائٹل جیت میں اہم کردار ادا کیا تھا۔

2026 کا ایونٹ ان کے لیے بھی عالمی کپ کا یقینی طور پر آخری ایونٹ قرار دیا جارہا ہے۔

**محمد صلاح، مصر:** افریقا کے عظیم ترین فٹبالرز میں شمار کیے جانے والے محمد صلاح نے لیورپول کے ساتھ شاندار کامیابیوں کے بعد عالمی شہرت حاصل کی اور کلب کے ساتھ 9 بڑے اعزازات اپنے نام کیے۔ 33 سالہ صلاح اگرچہ اب اپنے کیریئر کے عروج پر نہیں رہے تاہم مصر کے شائقین اب بھی ان سے بڑی توقعات وابستہ کیے ہوئے ہیں۔ امکان ظاہر کیا جارہا ہے کہ یہ ان کا دوسرا اور شاید آخری ورلڈکپ ہو۔

**کیون ڈی بروئنے، بیلجیم**
2014 سے 2022 تک بیلجیم کی 'گولڈن جنریشن' کے اہم رکن رہنے والے کیون ڈی بروئنے اب بھی کلب اور قومی ٹیم کے لیے کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں۔ رواں ماہ 35 برس کے ہونے والے ڈی بروئنے کے لیے 2026 کا ورلڈکپ چوتھا اور غالباً آخری عالمی کپ ہوگا۔
بیلجیم کی کامیابی کی امیدیں بڑی حد تک ان کی کارکردگی سے وابستہ ہیں۔

**ورجل وین ڈائک، نیدرلینڈز:** نیدرلینڈز کے کپتان اور تجربہ کار دفاعی کھلاڑی ورجل وین ڈائک اگلے ماہ 35 برس کے ہو جائیں گے۔ لیورپول کے ساتھ چیمپئنز لیگ اور پریمیئر لیگ جیتنے والے وین ڈائک اگرچہ اب اپنے بہترین دور سے آگے نکل چکے ہیں، تاہم وہ اب بھی ڈچ ٹیم کے اہم ستون سمجھے جاتے ہیں۔
2026 کا ورلڈکپ ان کے کیریئر کا تیسرا اور ممکنہ طور پر آخری عالمی کپ ہوگا۔

**سادیو مانے، سینیگال:** سینیگال کے اسٹار ونگر سادیو مانے 2022 کے ورلڈکپ سے قبل انجری کے باعث ایونٹ سے محروم ہوگئے تھے تاہم اب وہ میدان میں اترنے کے لیے مکمل فٹ ہیں۔ 34 سالہ مانے اپنے سنہری دور سے آگے نکل چکے ہیں، تاہم وہ اب بھی سینیگال کی ٹیم کے لیے اہم کھلاڑی سمجھے جاتے ہیں۔ یہ ان کا تیسرا اور غالباً آخری ورلڈ کپ ہوگا، خاص طور پر اس تناظر میں کہ وہ پہلے ہی اشارہ دے چکے ہیں کہ حالیہ افریقی کپ آف نیشنز ان کا آخری ٹورنامنٹ تھا۔

**گیلرمو اوچوا، میکسیکو:** میکسیکو کے تجربہ کار گول کیپر گیلرمو اوچوا بھی لیونل میسی اور کرسٹیانو رونالڈو کی طرح ریکارڈ چھٹے ورلڈکپ میں شرکت کرنے جا رہے ہیں۔ اگلے ماہ 41 برس کے ہونے والے اوچوا گزشتہ چند برسوں سے قومی ٹیم سے باہر تھے، تاہم اپنے ملک میں ہونے والے ورلڈکپ کے لیے انہیں دوبارہ اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔
انہوں نے اعلان کیا ہے کہ ٹورنامنٹ کے اختتام پر وہ بین الاقوامی فٹبال سے ریٹائر ہوجائیں گے۔
واضح رہے کہ امریکا، کینیڈا اور میکسیکو میں مشترکہ طور پر منعقد ہونے والے فیفا ورلڈکپ 2026 کا 11 جون سے آغاز ہوگا۔

## ورلڈکپ وارم اپ میچ، اعصاب شکن مقابلے کے بعد اسپین اور عراق کے درمیان میچ 1-1 سے برابر

میڈرڈ، 5 جون (یواین آئی) فیفا ورلڈکپ 2026 کے سلسلے میں میزبان اسپین اور عراق کی ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا وارم اپ میچ انتہائی سخت مقابلے کے بعد 1-1 سے ڈرا ہوگیا۔ لاکورونا میں کھیلے گئے ورلڈکپ وارم اپ میچ میں عراق نے شاندار دفاعی کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ہسپانوی فٹ بال ٹیم کو 1-1 سے ڈرا پر روک دیا ہے۔ ہسپانوی کوچ لوئس ڈی لا فوئنٹے نے اس میچ میں بارسلونا کے مڈفیلڈر مارک برنال اور رئیل سوسائٹیڈ کے ڈیفینڈر جون مارٹن کو ڈیبیو کرایا، جبکہ نیکو ولیمز، لامین یامال اور وکٹر مونیوز جیسے اہم کھلاڑی انجری کے باعث سکواڈ کا حصہ نہیں تھے۔ میچ کے 16ویں منٹ میں فیران ٹوریس نے گول کر کے اسپین کو عراق کے خلاف



0-1 کی برتری دلائی، تاہم عراقی ٹیم نے میچ میں واپسی کے لیے زیادہ وقت نہ لیا اور 27ویں منٹ میں عراق کی ٹیم کے میرچاس ڈوسکی نے شاندار گول داغ کر مقابلہ 1-1 سے برابر کر دیا۔ میچ کے دوسرے ہاف میں ہسپانوی ٹیم نے گیند پر 72 فیصد کنٹرول برقرار رکھنے کے باوجود عراقی دفاع کو توڑنے میں ناکامی کا سامنا کیا۔ دوسرے ہاف میں ہسپانوی کوچ نے مارک پوبل اور گونزالو گارسیا سمیت مزید نئے کھلاڑیوں کو آزمایا لیکن وہ کوئی واضح موقع بنانے میں ناکام رہے۔ عراق کی ٹیم ورلڈکپ میں فرانس، سینیگل اور ناروے کے ساتھ ایک مشکل گروپ میں شامل ہے۔ ہسپانوی ٹیم 9 جون کو پیرو کے خلاف اپنا آخری وارم اپ میچ امریکا میں کھیلے گی، جس کے بعد 15 جون کو کیپ ورڈی کے خلاف ورلڈکپ مہم کا آغاز کرے گی۔

## عالمی کپ کی تیاریاں: آئیوری کوسٹ نے فرانس کو اپ سیٹ شکست دے دی

نانت، 5 جون (یواین آئی) عالمی کپ 2026 کے وارم اپ میچوں میں ایک بڑا الٹ پھیر دیکھنے کو ملا ہے، جہاں آئیوری کوسٹ نے ایک سنسنی خیز مقابلے کے بعد عالمی کپ کی فیورٹ ٹیم فرانس کو 2 کے مقابلے میں 1 گول سے شکست دے کر سب کو حیران کر دیا۔ فرانس کے شہر نانت میں کھیلے گئے اس میچ میں فرانسیسی ٹیم کو اپنے ہی ہوم گراؤنڈ پر ہزیمت کا سامنا کرنا پڑا۔ میچ کے پہلے ہاف کے آخری منٹ میں ریان شرکی نے بہترین ڈرابلنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک شاندار لو-سٹرائیک کے ذریعے فرانس کو 1 گول کی برتری دلائی۔ تاہم، دوسرے ہاف میں آئیوری کوسٹ نے جارحانہ واپسی کی۔ 53ویں منٹ میں گویلا ڈوئے نے گول کر کے اسکور 1۔ 1 سے برابر کر دیا۔ میچ ختم ہونے سے چند منٹ قبل، مانچسٹر یونائیٹڈ کے ونگر عماد ڈیالو نے متبادل کھلاڑی کے طور پر میدان میں آتے ہی ایک شاندار اور جادوئی گول داغ کر آئیوری کوسٹ کو 2۔ 1 کی تاریخی فتح دلا دی۔ فرانسیسی کپتان کائلان ایمباپے اس میچ میں اولیور جیروڈ کے 57 گولز کا قومی ریکارڈ توڑنے کی امید کے ساتھ میدان میں اترے تھے، لیکن وہ بری طرح ناکام رہے۔ ہیڈ کوچ ڈیڈیر ڈیشامپس نے انہیں ہاف ٹائم پر ہی گراؤنڈ سے باہر بلا لیا، جس کے باعث وہ 56 گولز کے ساتھ دوسرے نمبر پر ہی موجود ہیں۔ فرانسیسی ٹیم اب پیر کے روز للی میں شمالی آئرلینڈ کے خلاف اپنا اگلا وارم اپ میچ کھیلے گی، جس کے بعد وہ 16 جون کو نیوجرسی (ایسٹ ردرفورڈ) میں سینیگال کے خلاف اپنے عالمی کپ کے سفر کا آغاز کرے گی۔

## ایورسٹ پر معجزہ، مردہ تصور کیے جانے والے نیپالی گائیڈ دوا شیرپا 6 روز بعد زندہ مل گئے

کھٹمنڈو، 5 جون (یواین آئی) دنیا کی بلند ترین چوٹی ماؤنٹ ایورسٹ پر 6 روز قبل لاپتہ ہونے والے 52 سالہ نیپالی کوہ پیما گائیڈ دوا شیرپا ناقابل یقین طور پر زندہ سلامت مل گئے ہیں۔ ماؤنٹ ایورسٹ چوٹی سر کرنے کے بعد واپسی پر 7,500 میٹر کی قاتل بلندی پر لاپتہ ہونے والے نیپالی کوہ پیما دوا شیرپا کو مردہ سمجھ کر ان کے اہل خانہ نے آخری رسومات کی دعائیں بھی کر دی تھیں تاہم جمعرات کو وہ شدید فراسٹ بائٹ کے باوجود بیس کیمپ کے قریب کھمبو آئس فال پر رینگتے ہوئے پائے گئے۔
ریسکیو حکام نے اسے تاریخ کا انوکھا ترین سیلف ریسکیو اور حقیقی معجزہ قرار دیا ہے کیونکہ اتنی بلندی پر آکسیجن کی شدید کمی کے باوجود 6 دن تک اکیلے زندہ رہنا ناممکن مانا جاتا تھا۔ برطانوی کوہ پیما کرس تھرال کے ساتھ 11 روز کی کٹھن مہم کے بعد لاپتہ ہونے والے دوا شیرپا نے ممکنہ طور پر خود کو بچانے کے لیے راستے میں موجود خیموں کا سہارا لیا۔ دوا شیرپا کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے فوری طور پر کھٹمنڈو کے ہیمز ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں آئی سی یو میں ان کا علاج جاری ہے، ڈاکٹروں کے مطابق وہ ہوش میں ہیں اور ان کی حالت خطرے سے باہر ہے۔

## آسٹریلیا کے خلاف سیریز جیت کر خوش ہیں، پچز آسان نہیں تھیں: شاہین آفریدی

لاہور، 5 جون، (یو این آئی) پاکستان ون ڈے ٹیم کے کپتان شاہین شاہ آفریدی نے آسٹریلیا کے خلاف سیریز جیتنے کے بعد کہا ہے کہ ہوم سیریز میں ہر ٹیم اپنی حکمت عملی اور پچز تیار کرتی ہے، پاکستان نے بھی کامیابی حاصل کرنے کیلئے یہی راستہ اختیار کیا۔ لاہور میں کھیلے گئے تیسرے ون ڈے میں پاکستان نے آسٹریلیا کرکٹ ٹیم کو 4 وکٹوں سے شکست دے کر تین میچوں کی سیریز 2-1 سے اپنے نام کر لی تھی۔ پاکستان نے 158 رنز کا ہدف 42ویں اوور میں حاصل کر لیا تھا۔



میچ کے بعد پریس کانفرنس کرتے ہوئے شاہین آفریدی نے کہا کہ ورلڈ کپ میں ابھی 14 سے 15 ماہ باقی ہیں، اس لیے اس مرحلے پر کسی حتمی نتیجے پر پہنچنا قبل از وقت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ سیریز کے دوران وکٹیں مشکل تھیں اور ان پر رنز بنانا آسان نہیں تھا، تاہم ٹیم نے حالات کے مطابق بہترین کھیل پیش کیا۔
کپتان کا کہنا تھا کہ کھلاڑیوں کو مسلسل مواقع فراہم کرنے کی غرض سے ٹیم میں زیادہ تبدیلیاں نہیں کی گئیں۔ انہوں نے شاداب خان کی کارکردگی کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ ان پر سوالات اٹھائے گئے، لیکن انہوں نے نظم و ضبط کے ساتھ بولنگ کی اور ٹیم کو کامیابی دلانے میں اہم کردار ادا کیا۔
شاہین آفریدی نے مزید کہا کہ دو فاسٹ بولرز کے امتزاج میں حارث رؤف بہتر انتخاب ثابت ہوئے، جبکہ سینئر کھلاڑی بھی اپنی کارکردگی میں بہتری لانے کی کوشش کر رہے ہیں، اس لیے انہیں مناسب وقت اور اعتماد دیا جانا چاہیے۔

## انگلینڈ کو 140 رن پر سمیٹنے کے بعد نیوزی لینڈ نے 61 پر گنوائے چھ وکٹ

لارڈز، 5 جون (یواین آئی): کائل جیمیسن (پانچ وکٹ) اور نیتھن اسمتھ (تین وکٹ) کی بہترین گیند بازی کے دم پر نیوزی لینڈ نے پہلے ٹیسٹ میچ کے پہلے دن جہاں انگلینڈ کو پہلی اننگز میں 140 رن کے اسکور پر سمیٹ دیا، وہاں دن کا کھیل ختم ہونے تک خود بھی 61 رن پر اپنے چھ وکٹ گنوا کر شدید بحران کا شکار ہوگئی ہے۔ فی الحال گلین فلپس (ناٹ آؤٹ 31) اور نیتھن سمتھ (ناٹ آؤٹ (6 کریز پر موجود ہیں۔ نیوزی لینڈ نے جمعرات کو ٹاس جیت کر انگلینڈ کے خلاف پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا۔ بلے بازی کے لیے اتری انگلینڈ کی ٹیم کو نیوزی لینڈ کی تباہ کن گیند بازی کا سامنا کرنا پڑا۔ انگلینڈ کے ہیری بروک (56) کو چھوڑ کر ان کا کوئی بھی بلے باز پچ پر زیادہ دیر نہ ٹک سکا۔ بین ڈکٹ (19)، کپتان بین اسٹوکس (12) اور شعیب بشیر (14) رن بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ ٹیم کے چھ بلے باز دہائی کے ہندسے (ڈبل فگر) تک بھی نہ پہنچ سکے اور جوش ٹنگ 10 رن بنا کر ناٹ آؤٹ رہے۔ انگلینڈ کی پوری ٹیم 39.4 اوورں میں 140 رن پر ڈھیر ہوگئی۔ نیوزی لینڈ کی طرف سے کائل جیمیسن نے پانچ، نیتھن اسمتھ نے تین اور ولیم اورورک نے دو وکٹ حاصل کیے۔ اس کے بعد اپنی پہلی اننگز شروع کرنے والی نیوزی لینڈ کی ٹیم کو انگلینڈ کے اولی رابنسن کے قہر کا سامنا کرنا پڑا۔ اولی رابنسن نے محض سات اووروں میں 12 رن دے کر نیوزی لینڈ کے تین ٹاپ آرڈر بلے بازوں کو پویلین کی راہ دکھا دی۔ 10ویں اوور میں رابنسن نے ڈیرل مچل (12) کو آؤٹ کر کے اپنا چوتھا شکار کیا۔ 13ویں اوور میں جوش ٹنگ نے ٹام بلنڈل کو 4 رن پر بولڈ آؤٹ کر دیا۔ اسٹمپس کے وقت تک نیوزی لینڈ نے 19.2 اووروں میں چھ وکٹ کے نقصان پر 61 رن بنا لیے تھے اور گلین فلپس (ناٹ آؤٹ 31) کے ساتھ نیتھن اسمتھ (ناٹ آؤٹ (6 کریز پر ڈٹے ہوئے تھے۔ انگلینڈ کے لیے اولی رابنسن نے چار وکٹ لیے جبکہ گس اٹکنسن اور جوش ٹنگ نے ایک ایک بلے باز کو آؤٹ کیا۔ دونوں ٹیموں کے گیند بازوں نے ٹیسٹ میچ کے پہلے ہی دن مجموعی طور پر 16 وکٹ حاصل کیے۔




Published and Printed by Prem Shankar for AAWAMI NEWS, 30, Chittaranjan Avenue, 4th Floor, Kolkata - 700012 Printed at Saraswati Print Factory Pvt. Ltd. - 789, Chowbhaga West, Near Chaina Mandir, Kolkata- 700105, Editor-Prem Shankar, News Editor : Khurshid Akhter Farazi, - RNI No. WBURD/2014/56804
پرنٹر و پبلیشر شری پریم کے ذریعہ 30، چترنجن ایونیو، چوتھی منزل، کولکاتا۔ 12، سرسوتی پرنٹ فیکٹری پرائیوٹ لمیٹیڈ۔ 789، چوبھاگا ویسٹ نزد: چائنا مندر، کولکاتہ۔ 105 سے شائع۔ ایڈیٹر: پریم شنکر، نیوز ایڈیٹر: خورشید اختر فرازی۔-(پی آر بی ایکٹ کے تحت خبروں کے انتخاب کے لئے جوابدہ)RNI WBURD/2014/56804